Downloaded from Atta Shad College Digital Library

and how we plan to achieve it even after facing the setbacks. Success means being unstoppable and repeated practice until the mission is achieved. A great scholar says “If you want to succeed, from the habit of doing things that failures don't like to do.

Shiv Khera's choice of topic is great, because today's generation lacks motivation and this book is a great source of motivation for them. The readers can relate to the stories and the quotations. It does not only discuss the problems, but also brings the solution among with the problems. Reading this book was a great experience of learning and getting motivated by his words. I suggest you to go through this master even once in life.

••

***Sohaib Altaf**, F.A 1st year*

Exploring the Nature and Power of Unity

Unity is more than just a word; it is the fundamental gravitational force that binds systems togather, from the subatomic particle to the global community. Often mistaken for mere uniformity-the bland suppression of difference -true unity is, instead, a profound state of harmony conerence, an active acknowledgment that the strength of the whole vastly exceeds the sum of its individual parts. It is the complex, sometimes fragile, dynamic that allows disparate elements to function as a singular, powerful entity. Exploring the natual and necessity of this Phenomenon reveals a truth evident in every sphere of existance: Unity is the indispensable requirement for resilience, progress, and the very continuation of organized life.

The principle of unity in first and most is clearly demonstrated in the natural world. At the elemental level, all matter is an intricate unification of Protons, neutrons and electrons bound by unseen forces. If these components were to reject their collective orbit. the structure of the atom the building block of the universe, word dissolve into chaos. Similarly, in the biological realm, the human body functions diverse calls, tissues, and organs each with its own specific function work in perfect, coordinated syrichronicity under failure of a single, specialized component, whether a neuron or a kidney, immidiately compromises the health and survival of the entire organism. Nature thus, establishes the earliest, most non-negotiable lesson of unity: interdependence is not a weakness, but the central mechanism of survival and efficiency. The well being of the individual part is inextricably linked to the vitality of the collective.

**

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

عبدالقدوس حمید۔ ایف اے، اولی سال

زیادھیں ھدوک

من واب کپتگ اتوں
کہ پچا آرتگیں زبانے ءِ من ءِ توار جت
تو مرتگ ئے، من جہہ سِرّا تاں
من دیست گل واب اتاں
بلے تہ روچ مروچی ءِ من جیڑگ ءِ اوں کہ گے اَت
من توار ئے جت
دوستے ات کہ دژمنے
ھیال کت
تہ دستے ات گوشے
کہ کسے پہ نرم نازرکی
منی گلا لکان ءِ مرزگ ءِ ات
من چکّ جت تہ کس نہ ات
من گوش کت
تہ برمشے ات کندگ ءِ
یہ ھلا ھوشی ءِ شگوست ءِ شت
ھدو کی زیادھیں گنوک کنت دل ءِ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

Translated by: ***A. Qudoos Hameed,*** *F.A, 1st year*

Too much yearning

I was all immersed in sleep
A familiar voice called me out:
“You are dead”
I looked around jolted out of sleep
Everybody was in slumber
I knew I was not dead
But since then, I've been wondering
Who was he: Who called me out
A friend or a foe?
As I imagined
I fell a hand gently caressing my hair
I turned my gaze around
Nobody there I found
As I imagined his voice
A burst of laughter
Wafted by my era
“Too much yearning maddens your heart”

••



Downloaded from Atta Shad College Digital Library

بیادِ مبارک قاضی 16 ستمبر 2025



















Downloaded from Atta Shad College Digital Library

تقسیم انعامات سالانہ ہفتۂ کھیل 2025

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

سالانہ ہفتۂ کھیل 2025

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

طلباو اساتذہ کا مکران میڈیکل کالج کا مطالعاتی دورہ





Downloaded from Atta Shad College Digital Library

بی ایس سوشیالوجی کے طلبا کا کیچ تھیلیسمیا سنٹر اور این آر ایس پی کا مطالعاتی دورہ



بی ایس کے طلبا کا گوادر، پیشکان اور جیونی کا مطالعاتی دورہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

انٹی کرپشن کے عالمی دن کی مناسبت سے 23 اکتوبر 2025 کو منعقدہ انٹر ڈویژن سیمینار

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

انٹی کرپشن کے عالمی دن کی مناسبت سے 23 اکتوبر 2025 کو منعقدہ انٹر ڈویژن سیمینار

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

شماریات کا عالمی دن 20 اکتوبر 2025











Downloaded from Atta Shad College Digital Library

غزل

باقر علی شاکر
(ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبہ اردو)

کشتی میں لگاؤں اُس پار دیکھنا
ڈوبیں گے نہیں ہم تم ، یار دیکھنا

بچ کے رہنا ہے تو یہاں اپنوں سے
غیروں کو ہے پہلے سے ہار دیکھنا

میں حُسن کا پجاری ہوں محبتوں کا بھوکا
ہوسِ زر کا نہیں ، طلب گار دیکھنا

رات کو ڈراتے ہیں ظلمتوں سے جو ہم کو
دکھائیں گے ہم اُن کو، آثار دیکھنا

شراب خانے میں رندوں پہ بھی نہ رکھ امید
نگاہِ طور بھی ہو ، پسِ دیوار دیکھنا

لڑوں گا باقرؔ میں اپنا مقدمہ تنہا
تمہاری ہوں گے سبھی طرف دار دیکھنا

پرویز خیال (لکچرار شعبہ اردو)

قلب میں ایمان بننے سے رہا
اب تو یہ رُجحان بننے سے رہا
ہر طرف اک بھیڑ سی اُگ آ گئی
ہر جگہ میدان بننے سے رہا
دیوتا، بھگوان، کیا کیا بن گیا
آدمی، انسان بننے سے رہا
اِک بگولا دل میں اٹھّا تھا عجب
ہاں! مگر طوفان بننے سے رہا
عہد میں جس کے رعایا تنگ ہو
وہ کوئی سلطان بننے سے رہا
دہر میں افسانہ ہائے درد سے
دل مِرا انجان بننے سے رہا
تم قہر برسا کے ہم سے مہر لو ؟
اب کے یہ امکان بننے سے رہا

••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

مجھے جانا ہی پڑے گا۔ آپ میرا یہ کتا اپنے پاس رکھ لو اور جب تمہیں میری یاد آئے تو چاند کو دیکھنا۔

جاتے وقت ولید نے رخسار سے کہا میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں۔ رخسار نے بھی کہا کہ میں بھی تم سے بہت پیار کرتی ہوں۔

ولید کے جانے کے بعد رخسار اور اُس کی دادی بہت پریشان ہو گئے۔ رخسار کے ذہن میں خیال آیا کہ ولید نے مجھ سے کہا تھا کہ میں ضرور واپس آؤں گا۔ تو میرے انتظار میں سمندر اور چاند کو دیکھنا۔ رخسار ہمیشہ رات کے وقت چاند کو دن کے اوقات میں سمندر کو دیکھ کر انتظار کرنے لگی۔ لیکن ولید کبھی بھی واپسی نہیں آیا۔ کئی سالوں کے بعد رخسار اندر سے ٹوٹ گئی اور پاگل ہونے لگی۔ چند سال بعد اُس کی دادی کا انتقال ہوا۔ اس کی دادی کے مرنے کے بعد وہ پوری طرح پاگل ہو گئی۔ اور ہر وقت ولید، ولید پکارنے لگی:

کبھی دریا سے، تو کبھی سمندر سے، کبھی درختوں سے، تو کبھی جانوروں سے، مگر سب نے کہا کہ ہم نے تو ولید کو نہیں دیکھا۔

اندر ہی اندر رخسار پوری طرح ٹوٹ گئی تھی۔ وہ ہمیشہ سمندر کے کنارے چٹان پر ولید کے کتے کو ساتھ لے کر بیٹھتی اور دن کو سمندر اور رات کو چاند کو دیکھتی رہتی تھی۔••

ماجد حسین (ایف اے، سال دوم)

پاگل

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ فہد نامی لڑکا جو اپنے والدین کے ساتھ ایک خوبصورت زندگی گزار رہا تھا۔ اس کی زیادہ تر دلچسپی پڑھائی میں تھی اور اس کے والدین کو اس کے مستقبل سے بہت سے توقعات وابستہ تھیں۔

اسکول سے فراغت کے بعد اس کے والدین نے اسے گاؤں سے باہر کالج میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ جب وہ کوئٹہ میں تعلیم حاصل کر رہا تھا اسی دوران اسے ایک لڑکی پسند آئی۔ اس نے اپنی محبت کا اظہار اس سے کیا۔ اس کی خوبصورتی کی بہت تعریف کرنے لگا، وہ اس کے لیے پاگل ہونے لگا۔ پہلے تو اس سے ملاقات کی۔ لڑکی سے اپنی دل کی بات کہنے لگا۔ لڑکی نے صاف انکار کرتے ہوئے کہا میں تم سے پیار نہیں کرتی۔ مجھے تم پسند نہیں ہو۔

اُس دن کے بعد فہد نے اپنی زندگی کو تباہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ پھر اس کی زندگی بہت زیادہ بوجھل ہو گئی۔ وہ ہر وقت اکیلا رہنا چاہتا تھا تاکہ یہ تناؤ ختم ہو جائے اور اُسے آزادی مل جائے۔ اُس کے والدین حیران رہ گئے کہ اُسے کیا ہوا ہے۔ انہوں نے اُسے خوش کرنے کی بہت کوششیں کیں لیکن وہ خوشی کا لفظ بھول چکا تھا۔ اس نے اپنے والدین کے خواب اور توقعات توڑ دیے اور اپنی زندگی کا خاتمہ اُس کی یادوں کے ساتھ کر لیا۔••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

”جی بالکل یہ میرا کتا ہے، یہ بچپن سے میرے ساتھ ہے، میں ایک کمانڈر ہوں۔ ولید نے جواب دیا۔

اسی دوران کھانا تیار ہو گیا۔ تو ولید کھانے لگا۔ کھانے کے بعد داری اماں نے رُخسار سے کہا جاؤ اِس نوجوان کے لیے بستر لگاؤ یہ بہت تھک گیا ہو گا۔

رخسار نے ولید کے لئے بستر لگا دیئے۔

پھر صبح سویرے تینوں گھر سے نکل گئے۔ مہتاب اپنی پوتی کے ساتھ سمندر کے کنارے بیٹھ کر مچھلی پکڑنے لگی۔

ولید اپنے مقصد کے لیے روانہ ہو گیا تو اسی وقت رخسار کے کانٹے میں ایک بڑی سی مچھلی پھنس گئی۔ پھر رخسار کو ہی واپس اپنی طرف کھینچنے لگی۔ تھوڑی دیر بعد مہتاب کی نظر جب رخسار پر پڑی تو دیکھا کہ وہ سمندر میں ڈوب رہی تھی۔

اور مہتاب ولید کو آوازیں دینے لگی۔ جب ولید نے دادی کی آواز سنی واپس آکر ولید نے دیکھا کہ رخسار سمندر میں ڈوب رہی ہے۔ وہ جلدی سے سمندر میں کھودا اور رخسار کو واپس سمندر کے کنارے لے آیا۔ اسی وقت رخسار ولید کو پسند کرنے لگا۔ پھر دونوں مل کر مہتاب کے سارے کام کرنے میں لگ گئے۔

ایک دن رخسار اور ولید ، مہتاب کے مویشیوں کو چرانے لے گئے۔

راستے میں رخسار پر ایک بھیڑیے نے حملہ کیا تو ولید کے کتے نے بھیڑیے سے لڑ کر رخسار کی جان بچائی۔ اسی دوران رخسار نے ولید سے کہا کہ آپ میرے لیے ایک اچھے دوست ثابت ہو گئے۔

کچھ عرصہ بعد اُن دونوں کی پیار دوستی میں بدل گئی۔

پھر یہ دونوں ہر شام ایک ساتھ سمندر کے کنارے جا کر ایک دوسرے کو اپنے دل کی بات بتاتے تھے۔ اور دن رات اپنے پیار کے بارے میں ہی سوچتے تھے۔

ایک دن وہ دونوں کتے کے ساتھ سمندر کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک بادشاہ کا ایک سپاہی آیا اور ولید سے کہنے لگا کہ بادشاہ سلامت آپ کو بلا رہا ہے۔

کچھ دنوں کے بعد ایک کشتی آئے گی اور آپ کو اس کے ساتھ واپس آنا پڑے گا۔

ایک شام رخسار اور ولید سمندر کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے اور ایک دوسرے سے اپنے پیار کا اظہار کر رہے تھے کہ اچانک وہی کشتی آگئی تو اس کشتی میں سوار ایک آدمی نے ولید سے کہا کہ چلو واپس آجاؤ، جنگ ختم ہو گئی ہے۔

رخسار رونے لگی ہے کہ مت جاؤ۔ ولید نے کہا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

شاہ بخش صالح (ایف اے)

ادھوری محبت

پرانے زمانے کی بات ہے کہ سمندر کے کنارے مہتاب نام کی ایک ضعیف خاتون اپنی نواسی کے ساتھ رہتی تھی۔ اس کا نام رخسار تھی۔

سردی کا موسم تھا اور شدید ٹھنڈ تھی۔ رات کا وقت ہے کہ اچانک رُخسار نے دروازے کو دستک دینے کی آواز سنی۔ اُس نے اپنی دادی کو جگایا اور کہا کہ میں جاکر دیکھتی ہوں ہے کہ کون ہے۔ تو دادی نے اجازت دی۔

رخسار نے دروازہ کو کھول کر دیکھا کہ ایک نوجوان ہاتھ میں تلوار لیے ایک کتے کے ساتھ دروازے پر کھڑا ہے ۔ نوجوان نے کہا کہ میں آج رات آپ کے گھر میں پناہ لیناچاہتا ہوں۔ کیونکہ باہر شدید ٹھنڈ ہے۔ صبح ہوتے ہی میں اپنے کام کو روانہ ہو جاؤں گا۔

رخسار نے کہا تھوڑی دیر رکو میں اپنی دادی اماں سے پوچھ کر آتی ہوں۔

رخسار نے جاکر اپنی دادی اماں سے کہا کہ دادی اماں کوئی اجنبی شخص ہمارے دروازے پہ کھڑا ہے اور کہہ رہا ہے کہ آج رات مجھے اپنے گھر میں پناہ دے دیں، صبح ہوتے ہی نکل جاؤں گا۔

تو دادی اماں بولی ٹھیک ہے۔ اس کو بولو اندر آجاؤ۔

رخسار نوجوان کے پاس جاکر کہنے لگی دادی اماں نے کہا ہے اندر آجاؤ۔ جب دادی اماں نے اس نوجوان کے حالات دیکھے تو کہنے لگی۔ تم کون ہو؟ اور کہاں سے آئے ہو؟

نوجوان نے کہا کہ میرا نام ولید ہے۔ میں جنگ سے بچ کر آیا ہوں۔ دادی اماں نے کہا کیا تمہیں چوٹ لگی ہے؟ ولید نے بولا "جی ہاں"۔

پھر دادی اماں نے اپنی پوتی سے کہا کہ جاؤ جا کر آج رات کا کھانا تیار کرو۔ رخسار جاکر کھانا تیار لگی اسی دوران مہتاب نے ولید سے پوچھا کہ تم کس جنگ سے آئے ہو؟ اور تم کیسے سپاہی ہو؟ اور کیا یہ کتا بھی جنگ کا کتا ہے؟

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

انتخاب:ہارون رشید



حقیقی خوشی

ارب پتی رتن جی ٹاٹا سے ٹیلی فون پر انٹرویو میں ریڈیو پریزینٹر نے پوچھا: ”جناب آپ کو کیا یاد ہے جب آپ کو زندگی میں سب سے زیادہ خوشی ملی؟“

رتن جی ٹاٹا نے کہا: میں زندگی میں خوشی کے چار مراحل سے گزر چکا ہوں، اور آخر کار میں نے حقیقی خوشی کا مطلب سمجھ لیا ہے۔ پہلا مرحلہ دولت اور وسائل جمع کرنا تھا۔ لیکن اس مرحلے پر مجھے وہ خوشی نہیں ملی جو میں چاہتا تھا۔ پھر قیمتی اشیاء اور اشیاء جمع کرنے کا دوسرا مرحلہ آیا۔ لیکن میں نے محسوس کیا کہ اس چیز کا اثر بھی عارضی ہے۔ اور قیمتی چیزوں کی چمک زیادہ دیر نہیں رہتی۔ پھر ایک بڑا پروجیکٹ حاصل کرنے کا تیسرا مرحلہ آیا۔ یہ وہ وقت تھا جب ہندوستان اور افریقہ میں ڈیزل سپلائی کا 95 فیصد میرے پاس تھا۔ میں ہندوستان اور ایشیا کی سب سے بڑی اسٹیل فیکٹری کا مالک بھی تھا۔ لیکن یہاں بھی مجھے وہ خوشی نہیں ملی جس کا میں نے تصور کیا تھا۔ چوتھا مرحلہ تب تھا جب میرے ایک دوست نے مجھ سے کچھ معذور بچوں کے لیے وہیل چیئر خریدنے کو کہا۔ تقریباً دو سو بچوں کے لیے ایک دوست کے کہنے پر میں نے فوراً وہیل چیئر خرید لی۔ لیکن دوست نے اصرار کیا کہ میں اس کے ساتھ جاؤں اور وہیل چیئر بچوں کے حوالے کروں۔ میں تیار ہو کر اس کے ساتھ چلا گیا۔ وہاں میں نے ان بچوں کو یہ وہیل چیئر اپنے ہاتھوں سے دیے میں نے ان بچوں کے چہروں پر خوشی کی ایک عجیب سی چمک دیکھی۔ میں نے ان سب کو وہیل چیئر پر بیٹھے، چلتے اور مزے کرتے دیکھا۔ ایسا لگتا تھا جیسے وہ کسی ایسی مقام پر پہنچ گئے ہوں جہاں وہ جیتنے والا تحفہ بانٹ رہے ہوں۔ میں نے اپنے اندر حقیقی خوشی محسوس کی۔ جب میں نے جانے کا فیصلہ کیا تو ایک بچے نے میری ٹانگ پکڑ لی۔ میں نے آہستہ آہستہ اپنی ٹانگیں چھوڑنے کی کوشش کی، لیکن بچے نے میرے چہرے کی طرف دیکھا اور میری ٹانگیں مضبوطی سے پکڑ لیں، میں نے جھک کر بچے سے پوچھا: کیا تمہیں کچھ اور چاہیے؟

اس بچے نے جو جواب دیا اس نے نہ صرف مجھے چونکا دیا بلکہ زندگی کے بارے میں میرا نظریہ بھی بدل دیا۔

اس بچے نے کہا: میں آپ کا چہرہ یاد رکھنا چاہتا ہوں۔ تاکہ جب میں آپ سے جنت میں ملوں تو میں آپ کو پہچان سکوں اور ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کروں۔

••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ذاکر سلیمان (آئی سی ایس۔ سال دوم)

اواگون کیا ہے؟



اواگون سنسکرت کے لفظ آؤ گمن (Avagaman) سے نکلا ہے۔ جس کا مطلب ہے پیدائش اور موت کا چکر یعنی ہر بار دنیا میں آنا اور جانا۔ جنم، مرنا، پھر جنم لینا اور یوں چلتا رہنا۔ یہ تصور خاص طور پر ہندومت، بدھ مت، سکھ مت اور جین مت میں بہت اہم ہے لیکن یہ اسلامی تعلیمات کے منافی ہے اسلام میں جنم لینے کا تصور ایک ہی بار ہے۔

اواگون کیا ہے ؟۔ سادہ الفاظ میں اواگون کا مطلب روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں بار بار جنم لینا۔ جب انسان مرتا ہے۔ تو اس کی روح ختم نہیں ہوتی بلکہ ایک نیا جسم حاصل کرتی ہے اور یوں زندگی کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ یہ چکر اچھے یا برے کاموں (اعمال) کی بنیاد پر ہوتا ہے۔

اواگون کا سلسلہ کیوں چلتا ہے؟ اواگون کی بنیادی وجہ کیوں مانی جاتی ہے۔ خواہشات (desires) کرم (action) انا۔ (ego)۔

جب تک انسان خواہشات اور دنیاوی لالچ سے آزاد نہیں ہوتا، وہ مکتی (نجات) حاصل نہیں کر سکتا، اور اواگون کا چکر جاری رہتا ہے۔

بدھ مت میں اس چکر کو سنسار (Samsara) کہا جاتا ہے۔ نروان حاصل کرنے سے انسان اواگون سے آزاد ہو جاتا ہے۔

ہندومت میں اواگون کو جنموں کا سلسلہ مانا جاتا ہے۔ انسان کو موکشا حاصل کرنی ہوتی ہے تاکہ وہ اس چکر سے نکلے۔

جین مت میں ہر روح کرم کے بندھن میں جکڑی ہوئی ہے، جس کی وجہ سے وہ بار بار جنم لیتی ہے۔ نروان حاصل ہونے پر یہ بندھن ختم ہو جاتا ہے۔

اواگون سے نجات کیسے؟

سچائی، سیلف کنٹرول، عبادت، خدمت، مراقبہ اور نیک اعمال کے ذریعے جب انسان کرم کے بندھن سے آزاد ہو جاتا ہے۔ ایک مثال: اگر کسی نے پچھلے جنم میں نیک اعمال کیے، تو وہ اگلے جنم میں بہتر حالت میں پیدا ہو گا ۔ اگر اعمال برے ہوں تو روح کو دکھ بھرا جسم مل سکتا ہے۔ یہی اواگون کا قانون ہے۔••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

عزیز اللہ منیر (ایف اے سال اول)

پانی بچائیں زندگی بچائیں

پانی اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے یہ زمین کے لیے بہت ضروری ہے مثلاً انسان ، جانور، پرندے ، درخت اور فصلیں سب پانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے ۔ لیکن افسوس کی بات ہے کہ آج ہم اس کہ قدر نہیں کرتے اور بے دریغ پانی ضائع کرتے ہیں۔

کچھ لوگ نلکے کا پانی کھلا چھوڑ دیتے ہیں ، کچھ لوگ گاڑیاں دھوتے وقت بہت زیادہ پانی بہا دیتے ہیں ۔ اور کچھ لوگ نہاتے وقت بہت زیادہ پانی ضائع کرتے ہیں ۔ یہ سب غلط عادتیں ہیں ۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ دنیا کے بہت سے علاقوں میں پانی کی کمی ہے وہاں کے لوگ میلوں دور جا کر پانی لاتے ہیں۔

اگر ہم نے ابھی سے پانی بچانا نہ سیکھا تو مستقبل میں ہمیں پینے کے لیے بھی پانی نہیں ملے گا۔ بہت سے ماہرین کا کہنا ہے کہ مستقبل میں پانی کے لیے ملکوں کے درمیان جنگیں بھی ہو سکتی ہیں ہمیں چاہیے کہ روزمرہ زندگی میں پانی کا استعمال سمجھداری سے کریں۔ جیسے دانتوں کو برش کرتے وقت نل بند رکھیں ۔ بالٹی سے گاڑی دھوئیں ۔ اور کھانا بناتے وقت پانی ضرورت کے تحت استعمال کریں ۔ اسی طرح نہاتے وقت اور کپڑا دھوتے وقت بھی خیال رکھیں کہ پانی کا بے دریغ استعمال نہ ہو۔

حکومت کو بھی چاہیے کہ وہ پانی کو ضائع ہونے سے روکنے کے لیے لوگوں میں شعور پیدا کرے ۔ اسکولوں میں بچوں کو پانی کی اہمیت کے بارے میں پڑھایا جائے تاکہ نئی نسل پانی کی حفاظت کرے۔

پانی بچانا ہم سب کی ذمہ داری ہے ۔ اگر ہم آج پانی بچائیں گے تو ہماری زندگی آسان ہو جائے گی۔ آئیں ہم سب مل کر اسے ضائع ہونے سے بچائیں اور دوسروں کو بھی اس کی اہمیت بتائیں۔

••



Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پزیر پیر جان بلوچ (آئی سی ایس۔ سال اول)

جنگلی حیات کی حفاظت

جنگل اور جنگلی حیات کی حفاظت کرنا اپنے آپ کی حفاظت کرنے جیسا ہے۔ یہ بات بالکل غلط نہیں ہو گا اگر میں کہوں کہ انسانی زندگی بھی جنگل کے درختوں اور جانوروں پر مبنی ہوتی ہے کیونکہ جنگل کے جانور اپنے ارد گرد کے پودوں اور درختوں کی نشوونما اور ان کی حفاظت کے لیے ہر وقت موجود ہوتے ہیں اور درختوں کھاد دیتے ہیں ۔ یعنی فرٹیلائز کرتے ہیں اور درخت انسان کو زندہ رکھنے میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں ۔ لیکن بدقسمتی سے پورے پاکستان میں درختوں کی تعداد پانچ فیصد یعنی نہ ہونے کے برابر ہے۔ یہ سب ہم انسانوں کی وجہ سے ہے۔ ہم انسان ہی انہی درختوں کو کاٹ کر اپنے سہولیات کو بے شک بہتر بناتے ہیں لیکن اس سے ہم خود کو اور جنگلی حیات کو بہت متاثر کرتے ہیں۔ ہم اپنے ہی ہاتھوں جانوروں کی نسل کشی کے باعث بن رہے ہیں۔ آج سے سو سال پہلے کم سے کم پانچ سو اقسام کے جانور نابود (Extinct) ہو چکے ہیں۔ اس کی قدرت کے قوانین کی تبدیلی کی وجہ سے ہے لیکن نوّے فیصد ہم انسانوں کے سبب سے ہے۔ اس کی سب سے بڑی دو وجوہات ہیں ایک تو انسانوں کی بڑھتی ہوئی آبادی اور جنگلوں میں آکر درختوں کو کاٹ کر اور وہیں بس جانا ہے۔ اور دوسری سب سے بڑی وجہ جنگلی حیات کا بے دریغ شکار کرنا ہے۔

کیا ہو گا اگر ہم انسانوں کو کوئی اسی طرح آکر مار دے ؟ کیا ہو گا اگر ہم اپنے بچوں کو اپنی آنکھوں کے سامنے تڑپ کر مرتے ہوئے دیکھ لیں ؟ لیکن جنگل کے جانور اور زیادہ پرندے ان لمحوں کا روز سامنا کر رہے ہیں اور کچھ کر نہیں کر سکتے کیونکہ وہ بے زبان ہیں اور شکاری ان سے زیادہ طاقت ور ہوتے ہیں۔ لیکن یہ بات سچ ہے کہ ان سب کا حساب ہمیں دینا ہو گا کیونکہ جنگلی حیات کی نسل کشی ہماری نسل کشی ہے۔ اور جنگلی حیات کی حفاظت ہماری خود کی حفاظت ہے۔

••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

معیز حبیب (ایف ایس سی۔ سال اول)

عبدالستار ایدھی

عبد الستار ایدھی 28 فروری 1928ء میں بھارتی ریاست گجرات کے شہر بانٹوا میں پیدا ہوئے اور تقسیم ہند کے بعد 1947 میں اپنے خاندان کے ہمراہ آ گئے اور کراچی میں سکونت اختیار کی۔

عبد الستار ایدھی نے اپنی زندگی کے 65 برس دکھی انسانیت کی خدمت میں گزارے جس کا آغاز انہوں نے 1951 میں ایک ڈسپنسری قائم کر کے کیا۔

ایدھی صاحب نے ہسپتال اور ایمبولینس کے ذریعے خدمات کے علاوہ ایدھی فاؤنڈیشن نے کلینک، زچگی گھر، معذوروں کے لیے گھر، بلڈ بینک، یتیم خانے، لاوارث بچوں کو گود لینے کے مراکز، پناہ گاہیں اور اسکول قائم کیے جو آج بھی عوامی خدمت کر رہے ہیں۔

ایدھی صاحب کی قائم کردہ ایدھی فاؤنڈیشن آج بھی دنیا کے کئی ممالک میں انسانیت کی خدمت کے فرائض سرانجام دے رہی ہے۔

سن 1980 کی دہائی میں حکومت پاکستان نے انہیں نشان امتیاز سے نوازا جبکہ پاک فوج نے انہیں شیلڈ آف آنر کا اعزاز دیا اور 1992 میں حکومت سندھ نے انہیں سوشل ورکر آف سب کونٹی ننٹ کا اعزاز دیا۔

بین الاقوامی سطح پر 1986 میں عبدالستار ایدھی کو فلپائن نے رومن میگسے ایوارڈ دیا اور 1993 میں روٹری انٹرنیشنل فاؤنڈیشن کی جانب سے انھیں پاؤل ہیرس فیلو دیا گیا۔

بابائے خدمت 8 جولائی 2016 کو گردوں کے عارضے میں مبتلا ہو کر 88 برس کی عمر میں جہان فانی سے کوچ کر گئے تھے جن کی خدمات کے اعتراف میں انہیں مکمل سرکاری اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا۔

••



Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہے۔

جب ڈگری کالج تربت کے طلباء اور اسٹاف نے کالج کا مجلہ نکالنے کا پروگرام مرتب کیا تو علاقے کے قدیم نام کو زندہ رکھنے اور رہتے دنوں کی یاد تازہ کرنے کی خاطر مجلہ کا نام بھی "کیچ" تجویز کیا گیا، تاکہ اسی نسبت سے موجودہ نسل اپنے اسلاف کے کارہائے نمایاں سے واقفیت حاصل کرے اور انہی کی نقش قدم پر چل کر ملک و قوم کی ترقی میں اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے ہوئے ان کو احسن طریقہ سے نبھائے۔

چونکہ اس مجلہ کا مقصد طلباء میں فنی تحریر اور خصوصاً طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے۔ اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ طلباء کی تحریروں کو جگہ دی جائے۔ اگر چہ طلباء کے بعض مضامین افسانے، نظم اور غزل وغیرہ میں بہت سی فنی خرابیاں شدت سے محسوس ہوں گی ۔ ہم ان کا اعتراف کرتے ہوئے معذرت خواہ ہیں لیکن اس عرض کے ساتھ کہ دوسرے مجلہ میں اس قسم کی غلطیوں کا کم سے کم اعادہ ہو گا۔

آخر میں اس مجلہ کی اشاعت پہ ادارہ اساتذہ کرام اور طلباء کا شکر گزار ہے۔(ادارہ)

(بشکریہ کیچ میگزین۔شمارہ اول، سال1985)

••

ماجد حسین

(ایف اے،سال دوم)

منشیات کی لت

نشہ ایک بیماری ہے، کوئی اختیار یا انتخاب نہیں۔بحالی ایک مسلسل سفر ہے، کوئی آخری منزل نہیں۔جیسا کہ ہم اپنے ارد گرد مشاہدہ کرتے ہیں، بہت سے لوگ منشیات کے عادی ہو چکے ہیں،اور ان کی حالت اتنی خراب ہوتی ہے کہ بیان کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

بحالی کا مطلب یہ نہیں کہ انسان مکمل ہو جائے بلکہ اس کا مطلب ہے کہ وہ آہستہ آہستہ بہتری کی طرف بڑھے۔نشے پر قابو پانے کے لیے انسان کو مثبت مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ جیسے سچے دوست مضبوط خاندانی رشتہ اور حوصلہ افزا ماحول۔ایسے رشتے اور تعاون انسان کو نیا حوصلہ دیتے ہیں۔

بحالی کے عمل میں مثبت سوچ اور طرز زندگی کی تبدیلی بہت اہم ہے۔اس خطرناک بیماری سے نجات کے لیے انسان کو اپنی زندگی کا انداز بدلنا پڑتا ہے،اور اپنے اصل مقصد کو حاصل کر کے وہی شخص بننا ہوتا ہے جس سے وہ واقعی محبت کرتا ہے۔••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

صاحب کالج کے دوسرے پرنسپل مقرر ہوئے۔ اور انہوں نے مسلسل گیارہ سال تک اس درسگاہ کی ترقی و توسیع کے لیے دن رات خدمت کر کے ادارے کو دیگر بڑے کالجوں کے ہم پلہ لانے کی کوشش کی۔

موجودہ پرنسپل جناب پروفیسر غلام مصطفیٰ صاحب ہیں جو اپنے پیش روؤں کی طرح ادارے کی ترقی و بہبود کو مزید تیز تر کرنے کی خاطر انتہائی تندہی اور جانفشانی سے سرگرم عمل ہیں۔ اور جناب پروفیسر قمر صدیق صاحب جو وائس پرنسل ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ہر گونہ تعاون کر رہے ہیں۔

ملکی ترقی و خوش حالی کے لئے بیدار ذہن کا ہونا ضروری ہے جبکہ بیدار ذہن ایک صحت مند جسم کا مرہون منت ہے لہٰذا ادارے میں درس و تدریس کے ساتھ ساتھ طلباء کے جسمانی نشوونما اور ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے یکساں توجہ دی جاتی ہے اور اس سلسلے میں محکم تعلیم نے مختلف کھیلوں کے لیے ادارے کو ہر طرح کی سہولیات فراہم کی ہیں۔

اگر چہ فٹبال کو مکران کا روایتی کھیل سمجھا جاتا ہے۔ مگر کالج کے طلباء فٹ بال کے علاوہ کرکٹ، ہاکی، ٹیبل ٹینس اور والی بال بھی ذوق و شوق سے کھیلتے ہیں۔ کالج کے بالمقابل فٹ بال گراونڈ ہے کہ جس میں 500 افراد کے بیٹھنے کے لیے سیمنٹ سے تیار شدہ اسٹیڈیم بنایا گیا ہے۔ اور اس سے ملحق مغرب کی جانب کرکٹ گراونڈ ہے کہ جس پر ایک مضبوط اور پختہ پچ تعمیر کی گئی ہے۔ جب کہ دونوں ہاسٹلوں کے سامنے والی بال گراونڈ ہیں۔ کالج کے مختلف ٹیموں نے متعدد مرتبہ انٹر کالیجیٹ ٹورنامنٹ میں کالج کی نمائندگی کرتے ہوئے بہترین کھیلوں کا مظاہر کیا ہے۔

اکتوبر 1984 میں ضلع پنجگور میں منعقد "آل بلوچستان ٹورنامنٹ" میں تربت کالج کی ٹیم صوبہ بھر کے کالجوں میں سے واحد کالج ٹیم تھی کہ جس کو اس ٹورنامنٹ میں حصہ لینے کی دعوت دی گئی اور شائقین فٹبال نے ٹیم کے کھیل کو بے حد سراہا۔ اسی طرح 1984 میں گورنمنٹ کالج سبی میں منعقد انٹر کالیجیٹ مقابلوں میں گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کے فٹبال، والی بال اور ٹیبل ٹینس کی ٹیموں نے شرکت کی اور بہترین کھیلوں کا مظاہرہ کیا۔

اساتذہ کو دلجمعی اور یکسوئی سے اپنے فرائض کی سرانجام دہی سے متعلق سہولیات فراہم کرنے کی خاطر حکومت نے ایک رہائشی کالونی بھی تعمیر کی ہے جو کالج کے جنوبی جانب واقع ہے۔ اور یہ کالونی ایک پر نسپل "لاج" کے علاوہ 5 بنگلوں اور 12 مینسٹیریل کوارٹر پر مشتمل ہے۔ کالج کالونی کے ان رہائشی عمارات نے ضلعی ہیڈ کوارٹر کی خوبصورتی میں اضافہ کیا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

انتخاب: شیھک شریف (بی ایس اردو، آٹھواں سمسٹر)

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت: آغاز اور رفتار

مکران جسے تعلیمی میدان میں ایک منفرد مقام حاصل رہا ہے موجودہ حیثیت تک پہنچنے کے لیے کٹھن مرحلوں سے گزر چکا ہے، ماضی میں جب کہ اس دور افتادہ علاقے میں آمدورفت انتہائی تکلیف دہ تھی وہ بھی علاقے کے باشندوں کی حصول علم میں رکاوٹ نہ بن سکی۔ لانچوں، بادبانی کشتیوں اور باربرداری کے لیے استعمال ہونے والی لاریوں اور ٹرکوں پر کئی کئی راتوں مسافت کی تکلیف برداشت کرتے ہوئے یہاں کے باشندے تشنگی علم کو بجھانے کی خاطر کراچی یا کوئٹہ چلے جاتے تھے جہالت اور پسماندگی سے گھرے ہوئے اس علاقے نے ایسے گوہر پیدا کئے ہیں جنہوں نے نامساعد حالات کے باوجود بھی کراچی اور کوئٹہ جیسے تعلیمی ترقی یافتہ شہروں کے طلباء سے مسابقت کرتے ہوئے امتیازی طور پر کامیاب و کامرانی حاصل کی اور آج وہ ملک و قوم کی خدمت میں مصروف ہیں۔

علاقے کی تشنگی علم کو محسوس کرتے ہوئے حکومت نے 1969ء میں تربت انٹر میڈیٹ کالج قائم کیا۔ اس طرح تربت کو مکران کے پہلے کالج ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ قیام کے وقت اس عظیم ادارے کی اپنی کوئی عمارت نہیں تھی۔ چنانچہ تربت ہائی اسکول کے بورڈنگ کو چند عرصے تک اس مقصد کے لئے حاصل کرکے باقاعدہ طور پر کلاسوں کا آغاز کیا گیا۔ قیام کے پہلے سال تربت کالج میں بیس طالب علموں نے داخلہ لیا چونکہ زیادہ تر طلبا کا تعلق مکران کے دور دراز علاقوں پنجگور، گوادر پسنی اور اورماڑہ سے تھا۔ لہٰذا طلباء کی رہائش کے لیے متعدد مکانات کو کرایہ پر حاصل کیا گیا۔

پروفیسر افتخار احمد غوری کو ادارے کے پہلے سربراہ کے ہونے کا شرف حاصل ہوا، اگرچہ جناب غوری صاحب تقریباً 9 مہنے کالج کے پرنسپل رہے لیکن اس قلیل عرصے میں نہایت جانفشانی سے اپنے فرائض منصبی کو ادا کرتے ہوئے ادارے کے لئے ایک روشن ابتداء کا آغاز کیا۔

اس کے بعد جناب پروفیسر غلام رسول خالد

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

دینا لازمی ہے تا کہ وہ خود اعتماد، باصلاحیت اور قوم کے مفید شہری بن سکیں۔ محض ڈگری حاصل کرنا کامیابی کی ضمانت نہیں۔ ملک کو ڈگری یافتہ نہیں بلکہ باصلاحیت اور ہنر مند افراد کی ضرورت ہے۔ جب غیر تربیت یافتہ لوگ رشوت اور سفارش کے ذریعے اہم عہدوں پر فائز ہوتے ہیں تو معاشرہ زوال کا شکار ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج اسکولوں میں غیر تربیت یافتہ اساتذہ، ہسپتالوں میں دوائی کمپنیوں کے تابع ڈاکٹر، اور دفاتر میں نااہل افسران نظر آتے ہیں۔ یہ سب ہمارے نظامِ تعلیم کی کمزوریوں کا نتیجہ ہے۔

والدین کا کردار بھی اس زوال میں کم نہیں۔ اکثر والدین اپنے بچوں کو بھاری رقم دے کر انہیں کوئٹہ، کراچی، لاہور اور دیگر شہروں میں اکیڈمی بھیجتے ہیں وہ اُن کی تعلیم و تربیت پر مناسب توجہ نہیں دیتے۔ وہ کبھی نہیں پوچھتے کہ بچے نے آج کیا پڑھا یا سمجھا۔ اس لا پروائی کے باعث بچے تعلیمی و اخلاقی رہنمائی سے محروم رہ جاتے ہیں، اور اُن کی شخصیت میں خلا پیدا ہو جاتا ہے۔

غربت بھی ہمارے تعلیمی زوال کی ایک بڑی وجہ ہے۔ جب نوجوان اعلیٰ تعلیم کے مرحلے تک پہنچتے ہیں تو معاشی تنگی اُن کے قدم روک لیتی ہے۔ وہ تعلیم ترک کر کے معمولی روزگار اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ جب وہ تعلیم یافتہ مگر بے روزگار افراد کو دیکھتے ہیں تو اُن کے دل سے تعلیم کا شوق ختم ہو جاتا ہے۔

یہ تمام مسائل ہمارے نظامِ تعلیم میں بگاڑ پیدا کر رہے ہیں۔ اگر ہم نے بر وقت اصلاح نہ کی تو یہ خاموش تباہی ایک دن ہمارے قومی مستقبل کو نگل جائے گی۔

لہٰذا وقت کا تقاضا ہے کہ ہم تعلیم کو نمبر حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ کردار سازی اور قوم سازی کا ہتھیار بنائیں۔ اساتذہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری سے نبھائیں، والدین اپنے بچوں کی رہنمائی کریں، اور حکومت تعلیم کو ترجیح دے۔ تب ہی ہم ایک روشن، باعلم اور ترقی یافتہ قوم بن سکتے ہیں۔

••



Downloaded from Atta Shad College Digital Library

شیھک شریف (بی ایس اردو، آٹھواں سمسٹر)

تعلیم کا بگڑتا ہوا نظام: ایک خاموش تباہی

ہمارے تعلیمی نظام میں بے شمار خامیاں پائی جاتی ہیں، مگر ان میں سب سے نمایاں مسئلہ سمسٹر سسٹم کا نہ ہونا ہے۔ یہ ایک ایسی خرابی ہے جو پورے نظامِ تعلیم کو کوکھلا کر رہی ہے۔ سارا سال بچے پڑھتے ہیں مگر جب سال کے آخر میں امتحان کے دن آتے ہیں تو وہ طلبا جو اکثر غیر حاضر رہتے ہیں، نقل کے سہارے امتحان دیتے ہیں۔اس طرح سنجیدہ اور محنتی طلبا کے ساتھ نا انصافی ہوتی ہے۔ نتیجتاً وہ بھی نقل اور آسان راستوں کی طرف مائل ہونے لگتے ہیں۔

جب سمسٹر سسٹم رائج ہو تو طلبا کا رجحان تعلیم کی طرف بڑھتا ہے۔ وہ باقاعدگی سے کلاس لیتے ہیں اور محنت کرتے ہیں۔ اسائنمنٹس، پریزنٹیشنز اور مختلف تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں۔ اس نظام میں ہر طالب علم کو مسلسل محنت کرنی پڑتی ہے جس سے اُس کی صلاحتیں نکھرتی ہیں۔

اس کے برعکس سالانہ امتحانی نظام میں طلبا صرف سال کے آخر میں رٹّا لگا کر نمبر حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ تعلیم کا مقصد علم حاصل کرنا نہیں بلکہ صرف نمبر لینا رہ جاتا ہے۔

ایک اور سنگین مسئلہ یہ ہے بعض دفعہ اساتذہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری سے ادا نہیں کرتے۔ وہ کلاس میں آکر غیر متعلقہ باتوں میں وقت گزار دیتے ہیں۔ نہ وہ تخلیقی سرگرمیاں کرواتے ہیں نہ طلبا کو عملی تربیت دیتے ہیں۔ اس طرز تدریس سے طلبا کی تحقیقی اور تخلیقی صلاحتیں ختم ہو جاتی ہیں۔

آج کے دور میں صرف نصاب یاد کر لینا کافی نہیں۔ طلبا کو تحقیق، پریذنٹیشن اور عملی کام کی تربیت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

جائے جو انسانیت کی خدمت کریں، علم میں اضافہ کریں، اور دنیا میں امن قائم کریں"۔

یوں وجود میں آیا: نوبل انعام (Nobel Prize) وہ لمحہ جب نوبل امر ہو گیا۔

1901 میں ان کی وصیت کے مطابق پہلا نوبل انعام دیا گیا۔ اور آج ہر سال دنیا بھر میں چھ مختلف شعبوں میں انعامات دیے جاتے ہیں:

امن، ادب، طب، کیمیا، طبیعیات، اور معیشت میں۔

نوبل خود تو دنیا سے چلے گئے، لیکن ان کا نام ہمیشہ کے لیے انسانیت کی روشنی بن گیا۔

سبق:

الفریڈ نوبل کی کہانی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ: غلطی سے بڑا کوئی گناہ نہیں مگر غلطی کو سدھارنا سب سے بڑی نیکی ہے۔

نوبل نے اپنی "تباہی کی ایجاد" کو انسانیت کی "امید" میں بدل دیا، اور یہی تبدیلی ایک انسان کو ہمیشہ زندہ کر دیتی ہے۔ آخر میں ایک جملہ:

"کچھ لوگ مرنے کے بعد مٹ جاتے ہیں، اور کچھ لوگ مر کر دنیا بدل جاتے ہیں۔ الفریڈ نوبل، انہی میں سے ایک تھا"۔

••

(انٹرنیٹ سے ماخوذ)

پانی بچائیں

عزیز اللہ منیر۔ ایف ایس سی، سال اول (پری میڈیکل)

پانی کو ضائع نہ کرنا یہ قدرت کا انعام ہے
ہر بوند ہے قیمتی، یہ جینے کا پیغام ہے

نل کھلا چھوڑ دینا عزیز یہ بے خبری کی بات ہے
آنے والے نسلوں کے لیے یہ ایک نقصان کی بات ہے

پانی سے بنتی ہے زندگی، اسے ہر کوئی جانتا ہے
اے بچانا لازمی ہے یہ وقت کا پیغام ہے

پانی بچا اور فرض نبھائیں، یہی ہمارا کام ہے
ہر دل، ہر گھر، ہر جگہ بس یہی پیغام عام ہے

••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

انتخاب: اخلاق حسرت (بی ایس اردو، چھٹا سمسٹر)

الفریڈ نوبل: موت کے سوداگر سے انسانیت کے محسن تک

دنیا میں کچھ لوگ وہ ہوتے ہیں جو اپنی زندگی سے زیادہ اپنی سوچ سے امر ہو جاتے ہیں۔

ایسا ہی ایک نام ہے الفریڈ نوبل (Alfred Nobel)۔ وہ شخص جس نے ڈائنامائٹ ایجاد کیا، اور پھر اسی ایجاد نے اس کی زندگی کا رخ بدل دیا۔ ایک ایسا موجد جس کی ایجاد نے دنیا ہلا دی۔

الفریڈ نوبل سویڈن میں پیدا ہوا۔ وہ بچپن سے ہی ذہین، خاموش اور گہرے خیالات والا انسان تھا۔ اس نے اپنی جوانی میں دنیا کی سب سے طاقتور دھماکہ خیز چیز "ڈائنامائیٹ" ایجاد کی۔

نوبل کی نیت نیک تھی وہ چاہتا تھا کہ ڈائنامائٹ سے پہاڑ کاٹے جائیں، سڑکیں بنیں، سرنگیں کھودی جائیں، اور تعمیراتی کام آسان ہو۔ مگر دنیا نے اس ایجاد کو جنگ کے ہتھیار میں بدل دیا۔ اور وہ ایجاد جو انسانیت کے فائدے کے لیے تھی، تباہی اور خون ریزی کا باعث بن گئی۔

ایک غلط خبر جس نے زندگی بدل دی۔ ایک دن ایک فرانسیسی اخبار نے خبر شائع کی:

"The merchant of death is dead"

"موت کا سوداگر مر گیا"

اصل میں مرے نوبل نہیں، بلکہ ان کے بھائی تھے۔ لیکن اخبار نے غلطی سے الفریڈ نوبل کا نام چھاپ دیا۔ جب نوبل نے یہ خبر پڑھی، تو ان کے دل پر گہرا اثر ہوا۔ انہوں نے سوچا:

"اگر میں آج واقعی مر گیا ہوتا، تو دنیا مجھے ایک قاتل موجد کے طور پر یاد کرتی، نہ کہ ایک انسان دوست کے طور پر"۔

اسی لمحے انہوں نے فیصلہ کیا کہ اب وہ اپنی باقی زندگی انسانیت کے لیے وقف کریں گے۔ ایک وصیت، جس نے دنیا بدل دی۔ اپنی وفات سے کچھ عرصہ پہلے الفریڈ نوبل نے ایک وصیت لکھی انہوں نے اپنی ساری دولت جو آج کے حساب سے 250 ملین ڈالر سے زیادہ بنتی ہے۔ ایک فنڈ میں دے دی اور لکھا کہ:

"میری دولت ان لوگوں کو انعام کے طور پر دی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

بختیار بلوچ (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ شماریات)

شماریات کی تاریخ و تفسیر

شماریات کی تاریخ: شماریات کا شعبہ بنیادی طور پر سترہویں صدی میں یورپ میں ترقی پزیر ہوا۔ منظم طریقے سے مواد جمع کرنے کے عمل سے شروع ہوئی اور جدید دور میں ایک باقاعدہ علم بن گئی ہے۔ جس میں مواد کو جمع کرنے، تجزیہ کرنے اور پیش کرنے کے مراحل شامل ہیں۔ اسکی تاریخ کی چند اہم باتیں درج ذیل ہیں۔

1۔ ابتدائی تاریخ: قدیم تہذیبوں میں بھی شمار اور مردم شماری کے جیسے کام ہوتے تھے لیکن یہ موجودہ شماریات سے بہت مختلف تھے۔

2۔ جدید آغاز: سترہویں صدی میں جب اقتصادی اور حکومتی معاملات کیلئے مواد کی ضرورت بڑھ گئی تو شماریات نے جدید شکل اختیار کی۔

3۔ ریاضیاتی بنیاد: ریاضی دانوں کی دلچسپی سے شماریات میں باقاعدہ تجربات اور نظریات شامل ہوئے، جس کی وجہ سے یہ ایک علمی شعبہ بن گئی۔

4۔ اٹھارویں اور انیسویں صدی:

(i) تجرباتی طریقہ کار: تجربات سے حاصل کردہ مواد کا تجزیہ کرنے کیلئے تجرباتی شماریاتی طریقہ کار واضح کیے گئے۔

(ii) علم شماریات: انیسویں صدی میں شماریات کو ایک الگ مضمون کے طور پر تسلیم کیا گیا۔ جس میں مختلف تجرباتی اور شماریاتی نظریات پر مزید کام کیا کیا گیا۔

5۔ بیسویں اور اکیسویں صدی:

(i) نظریاتی اور اطلاقی شماریات: بیسویں صدی میں شماریات میں بڑے پیمانے پر نظریاتی اور اطلاقی ترقی ہوئی۔

(ii) ڈیٹا سائنس اور مشین لرننگ: آج شماریات کا استعمال صرف مواد جمع کرنے اور تجزیہ کرنے تک محدود نہیں بلکہ جدید ڈیٹا سائنس، مشین لرننگ اور مصنوعی ذہانت (AI) کے شعبوں میں بھی ہو رہا ہے۔

تفسیر: شماریات کا مطلب صرف گنتی یا اعداد و شمار جمع کرنا نہیں، بلکہ ان اعداد و شمار سے صحیح نتائج نکالنا، ان کا تجزیہ کرنا اور اس سے مفید معلومات حاصل کرنا ہے۔ یہ ایک ایسا علم ہے جو غیر یقینی صورتحال کو کم کرنے اور بہتر فیصلے میں مدد دیتا ہے۔

••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

فائدہ اٹھاتے ہیں۔ کئی لوگ اپنے مال مویشیوں کے لیے مفت چارہ بھی لے کر جاتے ہیں۔ طارق دشتی غریب لوگوں کی دعائیں سمیٹنے کا کوئی موقع ضائع نہیں کرتے۔ وہاں کے غریب اور ضرورت مند لوگوں کی مدد بھی کرتے ہیں۔ صبح کو ایک شخص آیا اور پوچھا کہ میرا کام کیا ہے؟ تو اٹھے اور گاڑی سے تین کمبل اٹھا کر اس کے حوالے کیے۔ یہ کمبل ضرورت مندوں کے لیے تھے۔ دوسروں میں خوشیاں بانٹنے والے خوش ہوتے ہیں، اس معاملے میں طارق دشتی آگے آگے ہیں۔

دوپہر کے کھانے میں تندور کی سجی، جنہیں میرے ہم نام گلاب نے تیار کیے تھے، داد وصول کی۔ کھانے کے بعد طارق دشتی راج گندی کی غرض سے لوگوں سے ملے۔ وہاں بھی بکری کے دودھ کی چائے پیش کی گئی۔ واپسی پہ ولی محمد بھی شام کی چائے بنا کر ہمارے انتظار میں بیٹھے تھے۔ چائے پینے کے بعد ہم دشت سے رخصت ہوگئے۔ یہ سفر بہت یادگار رہے گا۔

گزرے جو اپنے یاروں کی صحبت میں چار دن
ایسا لگا بسر ہوئے جنت میں چار دن

••

عنایت کبیر
(وزیٹنگ لکچرار شعبہ ایجوکیشن)

بس ابتدا یہی ہے کوئی انتہا نہیں
اس بات سے میں آگے کچھ جانتا نہیں

ہیں لوگ بے خبر اپنے شناخت سے
بے عقل زندگی کا جاہل مَرا نہیں

داستان بنا کے مجھ کو بیان کرتا ہے زمانہ
انسان ہوں مگر میں کوئی واقعہ نہیں

دلچسپ ہیں سارے کردار آج کل
اپنے وجود کا قیدی خود بادشاہ نہیں

دستورِ کائنات کو جانتے ہیں ہم عنایتؔ
سب کے حقوق ہیں کوئی بے وجہ نہیں

••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہیں اور رات کو واپس گھر آتے ہیں۔ یہ سب اپنی زمینوں پر محنت کرتے ہیں اور محنت کا پھل کھاتے ہیں۔ بلوچستان کی زمین ایک طرف سونا اگلتی ہے تو دوسری طرف زراعت اور فصلیں سونے کی مانند ہیں مگر افسوس! یہاں کے دہقان اور محنت کش زمین کو خود لیول کرتے ہیں، ٹریکٹر چلاتے ہیں، بیج خریدتے ہیں، بوتے ہیں، ٹیوب ویل اپنے خرچے پر، سولر اپنی جیب سے خریدتے ہیں اور خود اس پر مزدوری کرکے روزی روٹی کماتے ہیں۔ یعنی یہاں سرکار اور حکومت کی کوئی دلچسپی نہیں، یہ لوگ خود روزگار پیدا کرتے ہیں اور حکومت کا بس چلے تو ایک ایک کرکے روزگار کے دروازے ان پر بند کردے۔

رات گئے مجلس ہمیں خود برخاست کرنی پڑی۔ ہم بستروں کے اندر ڈھیر ہوگئے اور کمبل اوڑھ کر ایک دفعہ پھر ہم تینوں کا دیوان شروع ہوا۔ تھوڑا کروٹ بدلتے تو بستر یخ بستہ محسوس ہوتے یہ سردی گویا شال کی سردی ہو۔ کمبلوں کے اندر لیٹے لیٹے باتوں باتوں میں ہم سوگئے۔

رات کے ایک پہر میری آنکھیں کھلیں، میں باہر گیا۔ باہر چاند کی مدھم روشنی نے دشت کو اپنی آگوش میں لیا تھا۔ دشت کے جنگلات پہ چراغاں تھا۔ دشت کی مٹی کی خوشبو مسک و عنبر بکھیر رہی تھی۔ ہر طرف خاموشی تھی، ایک سکوت تھا۔ آسمان پر ستاروں کا نظارہ مسحور کُن تھا۔ میں خاموشی میں کھوگیا۔ خاموشی کی آواز ہوتی ہے۔ خاموشی گفتگو کرتی ہے۔ یہ گفتگو اس وقت ہوسکتی ہے جب آپ اپنے وجود سے بھی ماورا ہوجاتے ہو۔ یہ کلام پُراسرار ہے اور پُر اثر بھی۔ یہ کیفیت، کیف و سرور سے پُر ہے۔ اس سے گزر کر انسان ہلکا محسوس کرتا ہے۔ دشت کے جنگلات ہوں، یا بلوچستان کے پہاڑ ان کے اندر وہ تاثیر ہے جو انسان کے بوجھل پن اور ڈیپریشن یا یوں کہیں کہ شہر کے ہنگاموں سے تھک جانے کا علاج موجود ہے۔

دشت کی دھوپ ہے جنگل کی گھنی راتیں ہیں
اس کہانی میں بہرحال کئی باتیں ہیں

دل کررہا تھا کہ یہاں باہر مزید وقت گزاروں مگر جمادینے والی سردی نے بستر کی طرف جانے پہ مجبور کردیا۔ فجر کی نماز کے لیے اٹھے۔ دروازے پہ ناکو ولی محمد گرم پانی کے ساتھ کھڑا تھا لیکن ہم ٹھنڈے پانی سے وضو کرچکے تھے۔ نماز کے بعد پھر کمبلوں میں گئے۔ موسیقی کی آواز جب کانوں میں پڑی تو میں نے کمبل سے سر نکالا۔ یہ چائے اور پیالوں کی آواز تھی۔ یہ آواز میرے لیے موسیقی کی آواز سے کم نہیں۔ میں اس آواز سے ہر وقت جاگتا ہوں۔ بکری کے دودھ کی چائے نے صبح کو خوب صورتی بخشی۔ رات واقعی سرد تھی کہ باہر پانی جم گیا تھا۔

ناشتے کے بعد ہم کھیتوں کی طرف روانہ ہوگئے۔ تربوز کی فصل اگائی گئی تھی۔ طارق دشتی نے اپنی زمینوں کو آباد کرنے کے ساتھ ساتھ کئی خاندانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کیے ہیں۔ ایک چھوٹی سی مسجد اور پانی کی ٹینکی سڑک کنارے بنائے ہیں، جن سے آنے جانے والے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

گلاب بلوچ (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو)

دشت کی دھوپ ہے جنگل کی گھنی راتیں ہیں

جب جب مزاج اُکتا جائے تو شہر سے دور چل کر جنگل اور صحرا میں سماجاؤ سارا بوجھ اتر جائے گا۔ مگر ہم ہیں کہ سُست، ایک سال سے زیادہ عرصہ ہو چکا، طارق دشتی کا اصرار کہ چلو دشت کی زمینوں پر سیر و تفریح کریں اور بکرے کی سجی کھائیں ایسے مواقع پر تاخیر کرنا بالکل بدذوقی ہے اور ہم اپنی بدذوقی کا اعتراف کرتے ہیں۔

بس طارق دشتی نے جب محسوس کیا کہ ہم تو مائل بہ کرم ہیں کوئی سائل ہی نہیں تو حکم صادر کیا اور پرویز بھائی سے پیغام بھیجا کہ تیار ہو جاؤ اب پیمانہ صبر لبریز ہو چکا ہے۔

طارق دشتی ایک نفیس انسان ہیں ۔ وہ یار باش ہیں اور یاروں کے لیے دل بچھانے والے۔ دشت کے سفر میں ہم تینوں یعنی میں پرویز بھائی اور طارق دشتی روانہ ہو گئے۔ سرد موسم، زمستانی رات اور دوستوں کی محفل، کماش اور سادہ لوح نوجوانوں کی مجلس ۔۔۔۔ یہ تصور ہی حسین ہے۔

مغرب کے بعد ہم مَک سر پہنچ گئے۔ ولی محمد بتاتے ہیں کہ مک، مٹّی کو کہتے ہیں، ایسی مٹی جو خالص ہو، اعلیٰ قسم کی مٹی ۔۔۔ مک سر یعنی مٹی کا ٹیلہ ۔۔۔ چائے پیش کی گئی۔ بکری کے دودھ کی چائے کی خوشبو اور جمی ہوئی ملائی چائے کی لذّت کا پتہ دے رہی تھی۔ ایسی چائے تو میری کمزوری ہے، میری تھکاوٹ کو مضبوطی میں تبدیل کرنے والی۔ اردگرد کے باغات میں پائی جانے والی نمی، زمستانی ہوا کے دوش پر سوار ہو کر جو خنکی پھیلائی ہے وہ میرے لیے کسی سوغات سے کم نہیں۔ ایسی چائے ماحول کو دوبالا لطف عطا کرتی ہے۔ موسم کی سردی، مجلس اور دیوان کی گرمی اور مغزمار چائے کی وجہ سے ہم تینوں نے تین تین کپ چائے نوش کیے۔

رات کے کھانے میں دیسی مرغی کا گوشت جب دسترخوان کی زینت بنا تو اس کو خوب پذیرائی ملی۔ جم کے ہم نے کھایا۔ جی بھر کے کھایا۔۔۔ ہمیں ان کی قدر تھی۔ فارمی مرغیوں اور فارمی سیاست دانوں نے جتنا نقصان پہنچایا ہے وہ شاید کسی اور نے نہیں پہنچایا ہے۔ تازہ لسی کے گھونٹ بھی لیتے رہے۔

میزبان نے اپنے بیٹوں کو چارپائی اور بستر لانے کے لیے کہا وہ فوراً فرمانبرداری بجا لائے۔ ناکو ولی محمد کے بیٹے بہت فرمانبردار ہیں۔ وہ والد دنیا کے خوش نصیبوں میں شامل ہے جن کی اولاد فرمانبردار ہو۔ ولی محمد کے بیٹے گلاب اور ناصر ولی محمد کے ساتھ صبح جا کر کھیتوں میں کام کرتے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ناول ہے۔ اس کی کہانی، کردار، اور فلسفہ انسانی تقدیر، خواب، اور روحانی آگاہی کی تلاش میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ پاؤلو کویلہو نے یہ واضح کیا کہ ہر انسان کی زندگی میں تجربات، رکاوٹیں، اور محبتیں ایک مقصد کے تحت وقوع پذیر ہوتی ہیں، اور یہ سب عناصر انسان کو اس کی ذاتی تقدیر کی طرف لے جاتے ہیں۔

ناول کے مثبت پہلوؤں میں اس کی سادہ مگر گہرے معنی رکھنے والی زبان، فلسفیانہ بصیرت، اور عالمی قارئین کے لیے قابلِ فہم ہونا شامل ہیں۔ ہر جملہ اور ہر منظر قاری کو زندگی کے اصول، حوصلے اور روحانی حکمت کی طرف رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ اس طرح یہ ناول نہ صرف ادبی حسن بلکہ عملی زندگی کے اسباق بھی فراہم کرتا ہے۔

منفی پہلوؤں کے طور پر بعض ناقدین اسے سادہ یا متوقع قرار دیتے ہیں، مگر یہ سادگی ہی اس کی طاقت اور حسن بھی ہے۔ ناول میں پیچیدہ فلسفے کو اس انداز میں بیان کیا گیا ہے کہ قاری بغیر کسی مشکل کے زندگی کے گہرے معنوں تک پہنچ سکے۔

یہ ناول ہر قاری کے لیے سبق آموز ہے، کیونکہ یہ بتاتا ہے کہ تقدیر کی تلاش، خوابوں کی تعبیر، محبت، اور کائنات کے ساتھ ہم آہنگی انسانی زندگی کا لازمی حصہ ہیں۔ سینٹیاگو کا سفر ہر قاری کے لیے ایک روحانی اور اخلاقی رہنما کی حیثیت رکھتا ہے، جو یہ سمجھاتا ہے کہ ہر انسان کے اندر اپنی تقدیر کی تلاش کی صلاحیت موجود ہے۔

الکیمسٹ صرف ایک ادبی کہانی نہیں بلکہ ایک روحانی رہنما، فلسفیانہ درس، اور انسانی حوصلے کی کہانی ہے۔ پاؤلو کویلہو نے اس ناول کے ذریعے قاری کو یہ باور کرایا کہ زندگی کے ہر تجربے اور ہر رکاوٹ کا مقصد انسان کو اس کی تقدیر کے قریب لے جانا ہے۔ یہ ناول نہ صرف دل کو چھو لیتا ہے بلکہ قاری کو اندرونی بصیرت اور زندگی کے معنی کی تلاش کے لیے بھی متحرک کرتا ہے۔

••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کی تلاش میں سینٹیا گو کی جستجو کہانی کا نقطۂ عروج ہے۔ اس منظر نگاری میں اسرار، تجسس اور انکشاف کی کیفیت نمایاں ہے۔ قاری کو یوں لگتا ہے کہ وہ خود بھی سینٹیا گو کے ساتھ اس خزانے کی کھوج میں شریک ہے۔

آخر میں وہ لمحہ جب سینٹیا گو کو معلوم ہوتا ہے کہ خزانہ وہیں دفن تھا جہاں سے اس کا سفر شروع ہوا تھا، ایک علامتی انجام ہے۔ یہ واقعہ اور اس کی منظر نگاری قاری کو یہ سبق دیتی ہے کہ اصل حقیقت ہمیشہ انسان کے قریب ہوتی ہے لیکن اسے پانے کے لیے سفر اور جدوجہد ضروری ہے۔

یوں واقعات اور منظر نگاری کے امتزاج نے الکیمسٹ کو ایک ایسی تمثیلی کہانی میں بدل دیا ہے جو قاری کے ذہن اور دل دونوں پر نقش چھوڑتی ہے۔

8۔ اسلوب:

پاؤلو کویلہو کا اسلوب سادہ مگر بامعنی ہے۔ ان کی تحریر میں ہر لفظ فلسفیانہ اور روحانی معنی رکھتا ہے۔ مکالمات اور مناظر زندگی کے عملی اور روحانی پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہیں۔ ہر منظر ایک سبق ہے اور ہر مکالمہ قاری کے شعور میں غور و فکر پیدا کرتا ہے، جو اسے نہ صرف کہانی کے ساتھ بلکہ زندگی کے گہرے فلسفے کے ساتھ بھی مربوط کرتا ہے۔

استعارے اور علامتوں کا استعمال ناول کو معنوی گہرائی فراہم کرتا ہے۔ صحرا، خزانہ، الکیمسٹ، اور سفر کے مقامات سب انسانی روح اور تقدیر کے مختلف پہلوؤں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ علامتیں قاری کو اندرونی بصیرت کی طرف رہنمائی کرتی ہیں اور زندگی کے مختلف تجربات کو معنی خیز بناتی ہیں۔

ناول میں ادبی جمالیات کے ساتھ ساتھ اخلاقی اور فلسفیانہ سبق بھی شامل ہیں، جو قاری کو نہ صرف کہانی بلکہ زندگی کے اصول بھی سکھاتے ہیں۔ پاؤلو کویلہو کا ادبی انداز ایک لطیف اور روح پرور روشنی پیش کرتا ہے، جو ہر عمر کے قاری کو متاثر کرتا ہے اور اسے غور و فکر کے لیے دعوت دیتا ہے۔

پاؤلو کویلہو نے انسانی جذبات، خوابوں، اور تقدیر کے فلسفے کو اس انداز میں بیان کیا ہے کہ ہر عمر اور ہر ثقافت کا قاری اسے سمجھ اور محسوس کر سکتا ہے۔ ان کا اسلوب نہ صرف دل کو چھو لیتا ہے بلکہ دماغ کو بھی متاثر کرتا ہے، اور یہ احساس دلاتا ہے کہ ہر شخص اپنی تقدیر کی تلاش میں کسی نہ کسی معنوی سبق سے گزرتا ہے۔

ان کا اسلوب عالمی قارئین کے لیے کشش رکھتا ہے، کیونکہ یہ نہ صرف ادبی حسن بلکہ عملی اور روحانی رہنمائی بھی فراہم کرتا ہے۔ ہر پیراگراف میں فلسفیانہ بصیرت اور جذباتی حسن کا امتزاج ہے جو اس ناول کو عالمی سطح پر ایک کلاسیک ادبی شاہکار بناتا ہے۔

9۔ تنقیدی جائزہ:

الکیمسٹ ایک امید افزا اور حوصلہ دینے والا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

گہرائی سے بیان ہوئے ہیں۔ فاطمہ کے کردار سے یہ پیغام ملتا ہے کہ حقیقی محبت انسان کو محدود نہیں کرتی بلکہ اسے روحانی اور عملی طور پر مضبوط بناتی ہے۔

کائنات کی زبان اور ہم آہنگی بھی فلسفیانہ نقطہ نظر کا حصہ ہے۔ مصنف کے مطابق کائنات انسان کی مدد کے لیے نشانات بھیجتی ہے، اور اگر انسان ان نشانات کو سمجھے تو تقدیر کے حصول میں آسانی ہوتی ہے۔

خوف اور حوصلہ ناول میں بار بار نمایاں ہے۔ ہر انسان کو اپنی تقدیر کی تلاش میں خوف کا سامنا کرنا پڑتا ہے، مگر حوصلہ، محنت اور اعتماد ہی اسے کامیابی کی طرف لے جاتے ہیں۔

7۔ منظر نگاری:

الکیمسٹ کی ایک بڑی خصوصیت اس کے واقعات کی ترتیب اور منظر نگاری کی تاثیر ہے۔ ناول میں ہر واقعہ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ وہ قاری کو نہ صرف کہانی کے بہاؤ میں ساتھ رکھتا ہے بلکہ اس کی تخیل کو بھی زندہ کرتا ہے۔ مصنف نے واقعات کو ترتیب دینے میں علامتی اور حقیقت دونوں عناصر کو یکجا کیا ہے، جو ناول کو ایک تمثیلی داستان کے قریب لے آتا ہے۔

ناول کا آغاز اسپین کے دیہی مناظر سے ہوتا ہے جہاں چراگاہیں، گرجا گھر اور چھوٹے قصبے دکھائے گئے ہیں۔ یہ منظر نگاری سینٹیاگو کے سادہ مگر آزاد طرزِ زندگی کو اجاگر کرتی ہے۔ جب وہ اپنا سفر شروع کرتا ہے تو قاری ایک مختلف ماحول میں داخل ہوتا ہے: قاہرہ کی بھیڑ بھاڑ والی منڈیاں، تجارتی قافلے، اور مصر کے راستوں پر پھیلی ہوئی گہما گہمی، ان سب مناظر کی تصویر کشی قاری کو کہانی کا حصہ محسوس کراتی ہے۔

صحرا کا بیان ناول کی منظر نگاری کا سب سے جاندار اور فلسفیانہ حصہ ہے۔ صحرا صرف ایک جغرافیائی مقام نہیں بلکہ ایک علامتی کائنات ہے۔ اس کی خاموشی، اس کی وسعت، اور اس کی سختی انسانی وجود کے چیلنجز کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہاں کے واقعات میں قافلے کا سفر، صحرا کے قبیلوں کے درمیان جنگ اور صوفیانہ خاموشی قاری پر گہرا اثر ڈالتی ہے۔

واقعات میں شیشے کے تاجر کی دکان بھی ایک اہم منظر ہے۔ اس دکان کی تفصیلات ناول میں محنت، قسمت، اور خوابوں کے درمیان تعلق کو اجاگر کرتی ہیں۔ قاری کو محسوس ہوتا ہے کہ یہ محض ایک دکان نہیں بلکہ انسانی عزم اور تقدیر کے بیچ جدوجہد کی علامت ہے۔

انگریز طالب علم اور کیمیاگر کی آمد واقعات کو ایک نئی جہت دیتی ہے۔ یہ کردار اور ان کے مناظر سینٹیاگو کے فکری سفر کو آگے بڑھاتے ہیں۔ کیمیاگر کے ساتھ صحرا کے مناظر، رات کی تاریکی میں آگ کے قریب ہونے والی گفتگو، اور کائنات کے رازوں پر ہونے والے تبادلۂ خیال قاری کے ذہن میں دیرپا تاثر چھوڑتے ہیں۔

اہرام کے قریب پہنچنے کے واقعات اور خزانے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

نوجوان چرواہا جو اپنے خواب اور تقدیر کی تلاش میں نکلتا ہے۔ وہ انسانی حوصلہ، صبر، اور خود شناسی کی علامت ہے۔ سینٹیاگو کے تجربات انسانی زندگی کے چیلنجز اور مواقع کی نمائندگی کرتے ہیں، اور یہ دکھاتے ہیں کہ تقدیر کے حصول کے لیے سفر اور محنت دونوں ضروری ہیں۔

الکیمسٹ ایک روحانی رہنما اور استاد ہے، جو سینٹیاگو کو کائنات کی زبان، علمِ الکیمیا، اور روحانی بصیرت سے روشناس کراتا ہے۔ یہ کردار انسانی حکمت، صبر، اور اندرونی طاقت کی علامت ہے۔ الکیمسٹ کے مکالمے اور تعلیمات فلسفیانہ اور روحانی موضوعات کو واضح کرتے ہیں۔

فاطمہ محبت اور قربانی کی نمائندہ ہے۔ فاطمہ کے کردار سے یہ پیغام ملتا ہے کہ سچی محبت انسان کو تقدیر کے راستے سے نہیں روکتی بلکہ اسے مضبوط اور حوصلہ مند بناتی ہے۔ محبت، خواب اور تقدیر کے درمیان تعلق اس کردار کے ذریعے واضح ہوتا ہے۔

صحرا میں ملنے والے دیگر کردار، بشمول تاجر ان ،سفر کے ساتھی اور مقامی لوگ، ہر ایک سینٹیاگو کے سفر میں مختلف سبق اور تجربات فراہم کرتے ہیں۔ یہ کردار زندگی کے پیچیدہ پہلوؤں، ثقافتوں، اور انسانی رویوں کو اجاگر کرتے ہیں۔

ہر کردار علامتی اور فلسفیانہ معنوں کا حامل ہے۔ ناول میں دکھایا گیا ہے کہ زندگی کے ہر تجربے، ہر ملاقات، اور ہر رکاوٹ کا مقصد انسان کو اپنی تقدیر کی طرف رہنمائی کرنا ہے۔

سینٹیاگو کے سفر کی کہانی ایک عام انسانی کہانی سے بڑھ کر ایک روحانی اور فلسفیانہ سبق ہے، جو یہ سکھاتی ہے کہ تقدیر کے حصول کے لیے خود شناسی، حوصلہ، اور کائنات کے ساتھ ہم آہنگی ضروری ہے۔

6۔ موضوعات:

تقدیر اور ذاتی تقدیر ناول کا سب سے اہم فلسفیانہ مرکز ہے۔ سینٹیاگو کی کہانی یہ واضح کرتی ہے کہ ہر انسان کی زندگی میں ایک خاص مقصد اور تقدیر موجود ہے، اور اسے پہچاننا اور حاصل کرنا ضروری ہے۔ یہ مقصد روحانی اور مادی دونوں طرح کے ہوسکتے ہیں، لیکن ان کی تلاش ہی انسان کی اصل کامیابی ہے۔

خواب اور ان کی تعبیر بھی ایک اہم موضوع ہے۔ خواب انسان کی روحانی رہنمائی کرتے ہیں، اور اگر انسان ان پر عمل کرے تو تقدیر کے قریب پہنچ سکتا ہے۔ سینٹیاگو کے خواب اسے خزانے اور اپنے مقصد کی طرف لے جاتے ہیں، جو خوابوں کی طاقت اور حقیقت میں بدلنے کی صلاحیت کو ظاہر کرتا ہے۔

روحانیت اور علم کی تلاش ناول کے ہر مرحلے میں واضح ہے۔ علم صرف کتابوں سے نہیں بلکہ تجربات، مکالمات، اور داخلی غور سے حاصل ہوتا ہے۔ سینٹیاگو ہر تجربے سے سیکھتا ہے اور اپنے مقصد کے قریب پہنچتا ہے۔

محبت اور قربانی کے موضوعات بھی ناول میں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کہانی ہے۔ ناول کا مرکزی کردار سینٹیاگو ، نامی ایک اندلسی چرواہا ہے جو اپنے خوابوں کی تعبیر کے پیچھے نکلتا ہے۔ اس خواب میں وہ دیکھتا ہے کہ مصر کے اہرام کے قریب خزانہ دفن ہے۔ یہ خواب اس کی زندگی کا مرکز بن جاتا ہے اور وہ اپنی پر سکون زندگی چھوڑ کر ایک ایسے سفر پر نکلتا ہے جس میں اسے اپنے وجود کے کئی سوالوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

ناول کی ابتدا اسپین کے چراگاہوں اور گرجا گھروں کے پس منظر سے ہوتی ہے جہاں سینٹیاگو، اپنی بھیڑ بکریوں کے ساتھ ایک آزاد مگر محدود زندگی گزارتا ہے۔ وہ اپنے خواب کی سچائی پر یقین کرتے ہوئے ایک ماہر جادوگر جیسے شخص سے ملتا ہے جو اسے اپنے خواب کی تعبیر پانے کے لیے مشرق کی طرف جانے کی تلقین کرتا ہے۔ یوں اس کا اصل سفر شروع ہوتا ہے جو قاہرہ اور صحرا کے راستوں سے ہوتا ہوا مصر کے اہرام تک پہنچتا ہے۔

اس سفر کے دوران سینٹیاگو، مختلف کرداروں سے ملتا ہے جو اس کی زندگی کے زاویے بدل دیتے ہیں۔ ان میں ایک انگریز طالب علم شامل ہے جو کیمیا کے رازوں کو سیکھنے میں مشغول ہے، ایک شیشے کے تاجر سے ملاقات ہوتی ہے جو تقدیر اور قسمت پر بحث کرتا ہے، اور ایک ماہر کیمیاگر ہے جو سینٹیاگو کے خواب کی اصل حقیقت سے روشناس کراتا ہے۔ ہر ملاقات سینٹیاگو کے ذہن میں ایک نئی بصیرت پیدا کرتی ہے۔

ناول کا سب سے اہم موڑ صحرا کا سفر ہے جہاں سینٹیاگو کو اپنی باطنی آواز سننے اور اپنے دل کی ہدایت پر عمل کرنے کا شعور ملتا ہے۔ صحرا کو ناول میں ایک علامتی حیثیت حاصل ہے کیونکہ یہ زندگی کے مشکلات اور تنہائی کی نمائندگی کرتا ہے لیکن ساتھ ہی یہ انسان کے باطن کو اجاگر کرنے کی قوت بھی رکھتا ہے۔ یہی صحرا سینٹیاگو کو اس کی اصل ذات تک پہنچاتا ہے۔

کہانی کے اختتام پر سینٹیاگو کو یہ حقیقت معلوم ہوتی ہے کہ جس خزانے کی وہ تلاش میں نکلا تھا وہ اصل میں اسی چرچ کے قریب دفن تھا جہاں سے اس کا سفر شروع ہوا تھا۔ یوں ناول ایک گہرا فلسفیانہ نکتہ پیش کرتا ہے کہ انسان کا اصل خزانہ اکثر اسی کے اندر یا اس کے قریب ہی ہوتا ہے لیکن وہ اس کی تلاش میں دور دراز کا سفر کرتا ہے۔

اس خلاصے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ الکیمسٹ محض ایک کہانی نہیں بلکہ زندگی کی جدوجہد، خوابوں کی تعبیر اور خودی کی پہچان کی داستان ہے۔ یہ ایک ایسا قصہ ہے جو قاری کو اپنے خوابوں پر ایمان رکھنے، کائنات کے اشاروں کو سمجھنے اور اپنی زندگی کا مطلب تلاش کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اس میں ظاہری کہانی کے ساتھ ساتھ باطنی اسرار اور روحانی بصیرت بھی پوشیدہ ہے جو اسے ایک عظیم عالمی ناول کے درجے پر فائز کرتی ہے۔

5۔ مرکزی کردار:

سینٹیاگو ناول کا مرکزی کردار ہے، ایک

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

خود شناسی، اور امید کی روشنی دکھاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی کتابیں عالمی قارئین میں آج بھی اتنی مقبول ہیں اور ہر عمر کے قاری کے دلوں میں جگہ رکھتی ہیں۔

پاؤلو کویلہو کے کام میں ہر کہانی ایک سبق، ہر کردار ایک علامت، اور ہر منظر روحانی روشنی کا آئینہ ہے۔ یہی ان کی تحریروں کو محض ادبی داستان نہیں بلکہ انسانی حوصلہ اور روحانی رہنمائی کا ایک ذریعہ بناتا ہے۔

1۔ناول کا تعارف:

الکیمسٹ 1988 میں شائع ہوئی اور فوراً عالمی سطح پر شہرت پا گئی۔ یہ ناول ایک نوجوان چرواہے سینٹیاگو کی داستان ہے جو اپنی تقدیر کی تلاش میں اسپین سے مصر کے صحراؤں تک کا سفر کرتا ہے۔ یہ کہانی صرف ایک رومانی یا مادی سفر نہیں بلکہ روحانی اور اخلاقی سفر کی عکاسی کرتی ہے، جس میں انسان کی تقدیر، خواب، اور خود شناسی کے اصول بیان کیے گئے ہیں۔ اس ناول کی 65 ملین کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں اور اُسے 72 زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

ناول کی کہانی کا آغاز سینٹیاگو کے خواب سے ہوتا ہے، جس میں اسے مصر میں ایک خزانے کی تلاش کا پیغام ملتا ہے۔ یہ خواب ناول کے فلسفیانہ مرکز کی نمائندگی کرتا ہے۔ ہر انسان کی زندگی میں ایک ذاتی تقدیر (Personal Legend) چھپی ہوتی ہے جسے حاصل کرنا ضروری ہے۔

سینٹیاگو کا سفر نہ صرف جسمانی بلکہ روحانی بھی ہے۔ صحرا کے مناظر، راستے کی مشکلات، اور مختلف کردار اس کے علم، صبر، اور حوصلے کو پرکھتے ہیں۔ ناول میں دکھایا گیا ہے کہ تقدیر کے حصول کے لیے محنت، حوصلہ، اور کائنات کی زبان کو سمجھنا ضروری ہے۔

الکیمسٹ میں موضوعات کی گہرائی انسانی تجربات اور فلسفے سے جڑی ہوئی ہے۔ خوابوں کی تعبیر، عشق، علم، روحانی بصیرت، اور انسانی حوصلہ وہ ستون ہیں جن پر کہانی کھڑی ہے۔ ہر کردار اور ہر واقعہ سینٹیاگو کی شخصیت اور تقدیر کے فلسفے کو اجاگر کرتا ہے۔

ناول کی زبان سادہ مگر اثر انگیز ہے۔ پاؤلو کویلہو نے ہر منظر اور ہر مکالمے میں حکمت اور زندگی کی سچائی چھپائی ہے، تاکہ قاری نہ صرف کہانی سے محظوظ ہو بلکہ اسے زندگی کے عملی اور روحانی اسباق بھی حاصل ہوں۔

یہ ناول عالمی ادب میں اپنی فلسفیانہ بصیرت، امید افزائی، اور روحانی پیغام کی وجہ سے خاص مقام رکھتا ہے۔ اس کی کہانی، کردار، اور فلسفہ ہر عمر کے قاری کے لیے معنی خیز ہیں، اور یہ انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتی ہیں۔

4۔ناول کا خلاصہ:

پاؤلو کویلہو کا ناول الکیمسٹ ایک ایسی داستان ہے جو بظاہر ایک چرواہے کی زندگی کے سفر سے شروع ہوتی ہے لیکن حقیقت میں یہ ایک روحانی اور فکری جستجو کی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

شعیب شاداب (لکچرار شعبہ اردو)

پاؤلو کویلہو کا ناول الکیمسٹ: ایک تجزیاتی مطالعہ

1۔ مصنف کا تعارف:

پاؤلو کویلہو 24 اگست 1947 کو ریئوڈی جنیرو، برازیل میں پیدا ہوئے، ایک عالمی سطح کے مصنف، روحانی مفکر اور ادبی رہنما کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ ان کی زندگی کا آغاز ایک عام خاندان میں ہوا، لیکن بچپن ہی سے ان میں ادب اور شاعری کی طرف گہری رغبت تھی۔ نوجوانی میں مختلف شعبوں، بشمول تھیٹر، موسیقی، اور سفر کے تجربات نے ان کے ادبی ذوق اور فلسفیانہ سوچ کو پروان چڑھایا۔

تعلیم کے اعتبار سے پاؤلو کویلہو نے قانونی اور فلسفیانہ علوم کا مطالعہ کیا، مگر ان کی اصل دلچسپی انسانی روح، تقدیر، اور زندگی کے معنوی پہلوؤں کی کھوج میں تھی۔ یہ روحانی اور تجرباتی سفر بعد میں ان کے ناولوں اور کہانیوں کی بنیاد بنا۔ نوجوانی میں کیے گئے مختلف تجربات، بشمول سیاسی احتجاج اور ذاتی مشکلات نے ان کے کردار اور ادبی سوچ کو نہایت پختہ کیا۔

پاؤلو کویلہو کی ادبی خدمات عالمی سطح پر تسلیم شدہ ہیں۔ ان کی تحریروں میں انسان کی تقدیر کی تلاش، خوابوں کی تعبیر، روحانی آگاہی، اور کائنات کے ساتھ ہم آہنگی جیسے موضوعات مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کے اسلوب کی ایک خصوصیت سادگی اور فلسفیانہ گہرائی کا امتزاج ہے، جو ہر عمر کے قاری کو زندگی کے معنوی پہلوؤں سے روشناس کراتا ہے۔

ان کے مشہور ادبی کاموں میں الکیمسٹ، بریڈ شیپر (The Pilgrimage) "، "Brida"، "The Devil and Miss Prym"، اور "Veronika Decides to Die" شامل ہیں۔ اُن کی ہر کتاب انسان کے روحانی سفر اور اندرونی شعور کی دریافت کی کہانی سناتی ہے۔ ان کے ادبی کام میں مشرقی اور مغربی فلسفے کے اصولوں کا امتزاج نظر آتا ہے، جو انسانی تجربات کو عالمی مفاہیم کے ساتھ جوڑتا ہے۔

ان کو ادبی خدمات کے اعتراف میں متعدد ایوارڈز اور اعزازات ملے ہیں، جن میں فرانس کا لیجن آف آنر اور اسپین کا یورپی ادبی ایوارڈ شامل ہیں۔ یہ ایوارڈز ان کے ادبی اثر اور عالمی سطح پر ان کی مقبولیت کی تصدیق کرتے ہیں۔

ان کی تحریروں کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ نہ صرف کہانی سناتے ہیں بلکہ قاری کو زندگی کے گہرے فلسفے،

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہوتے رہتے ہیں۔ ادب اور فکشن کے حوالے سے محمد حنیف، ڈاکٹر آصف فرخی، اجمل کمال، احمد سلیم، محترمہ فرحت پروین، پروفیسر غنی پرواز، ڈاکٹر فاطمہ حسن، منیر احمد بادینی اور ڈاکٹر شاہ محمد مری، عمرانیات کے حوالے سے حبیب یونیورسٹی کراچی کے حفیظ جمالی، ڈاکٹر عمیم لطفی اور شہید بے نظیر بھٹو یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر ڈاکٹر اختر علی بلوچ، جامعہ تربت کے وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر ان تقاریب میں حصہ لیتے رہے ہیں۔

اردو اور بلوچی بین اللسانی مشاعروں میں معروف شعراء کرام جن میں شہناز نور، افضال احمد سید، پروفیسر ڈاکٹر امداد حسینی، ڈاکٹر عنبرین حسیب عنبر، پروفیسر بیرم غوری، مبارک قاضی، انور صاحب خان، عمران ثاقب، ارشاد پرواز، اکرم صاحب خان، وحید نور، وحید زہیر، نوشین قمبرانی، ڈاکٹر سلیم کرد، اے آر داد، سعدیہ بلوچ اور کئی مقامی شعراء نے ان مشاعروں میں داد و تحسین حاصل کی۔ بی بی سی کے کہنہ مشق صحافی وسعت اللہ خان، کوئٹہ پریس کلب کے صدر شہزادہ ذوالفقار، وش نیوز چینل کے احمد اقبال بلوچ، اور ڈان کراچی سے وابستہ صحافی سحر بلوچ نے نہ صرف گوادر کی اہمیت اور پاکستان چائنا اکنامک کوریڈور کے متعلق سیمینار میں حصہ لیا بلکہ انہوں نے اس کتب میلے اور تقریب کی تشہیر کے لیے صحافتی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں۔

مکران جو بلوچستان کا سب سے بڑا اور دور افتادہ علاقہ ہے۔ مکران سے تعلق رکھنے والے بلوچی زبان و ادب کے اہل قلم نے نہ صرف اردو میں طبع آزمائی کی ہے بلکہ اردو کی ترقی و ترویج میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

حوالہ جات:

۱۔ حمید بلوچ، مکران عہدِ قدیم سے عہد جدید تک۔ کراچی، سید ھاشمی ریفرنس لائبریری، 419:2009

۲۔ ایضاً:۴۸

۳۔ ایوب خاور، پیش لفظ، چپ کی چاپ، عمران ثاقب، کوئٹہ، مہر در پبلی کیشنز ص:۱۷

۴۔ رفیع رضا، دیباچہ، سانسوں کی کشتیاں، کراچی، رنگِ ادب پبلی کیشنز ۲۰۱۹۔ ص:۱۴

۵۔ غنی پرواز (انٹرویو) مشمولہ نیادِ بھارگاہ، ترتیب و تالیف اے آر داد، کیچ، استین شنگ کار ۲۰۱۶، ص:۲۰۸

۶۔ ایوب بلوچ، پیش لفظ، مشمولہ، سندھ بلوچستان کی قدیم تہذیب، ثقافتی ورثہ، ظفراللہ بلوچ، کراچی، وفائی اکیڈمی پاکستان چوک، ص:۱۴

۷۔ بلوچ، علی دوست، ڈاکٹر، بلوچی دیوان، کوئٹہ، گوشہ ادب، ۲۰۰۷، ص:۴۴

۸۔ ترک ضیاء المصطفیٰ، منیر مومن ایک نئی بوطیقا کا سراغ، مشمولہ گمشدہ سمندر کی آواز، مترجم احسان اصغر، لاہور، عکس پبلی کیشنز، ۲۰۲۰، ص:۱۷

۹۔ فاطمہ حسن، ڈاکٹر (کالم) گوادر کتب میلہ، روزنامہ نوائے وقت، کراچی، ۲۹ فروری ۲۰۱۶

••

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

گزشتہ چار سالوں سے تواتر کے ساتھ جنوری یا فروری کے مہینے میں کتب میلے کے ساتھ ساتھ ادبی اور سماجی پروگراموں کا انعقاد کیا جاتا ہے، البتہ 2020 کا ادبی میلہ COVID-19 کی وجہ سے ملتوی ہو گیا۔ اس کتب میلے میں کراچی اور کوئٹہ کے علاوہ مقامی ناشر اور اکیڈمیاں چار دنوں تک اپنی کتابوں کا اسٹال لگائے رہتے ہیں۔

کراچی کے مشہور ناشر آکسفرڈ یونیورسٹی پریس، تاج کمپنی لمیٹڈ، انجمن ترقی اردو، اکادمی ادبیات پاکستان، اردو سائنس بورڈ، نیشنل بک فاؤنڈیشن، سیلز اینڈ سروسز کوئٹہ، قلات پریس کوئٹہ، سنگت اکیڈمی آف سائنسز کوئٹہ، مہر در پبلی کیشنز کوئٹہ، اور مقامی ناشروں اور اکیڈمیوں میں سید ظہور شاہ ہاشمی اکیڈمی گوادر، گام پبلی کیشنز گوادر، بلوچستان اکیڈمی تربت کی کتابیں ہر سال اس کتب میلے کی خوبصورتی اور زیبائی کو دوبالا کر دیتی ہیں۔

اس کتب میلے کو کامیاب بنانے کے لیے کراچی سے انجمن ترقی اردو کی چیئر پرسن اور منتظمہ پروفیسر ڈاکٹر فاطمہ حسن، آج پبلی کیشنز کے اجمل کمال، سنگت اکیڈمی آف سائنسز کے ڈاکٹر شاہ محمد مری اور مہر در پبلی کیشنز کے عابد میر کی نہ صرف کمک اور تعاون شامل ہوتا ہے بلکہ وہ خود بھی ہر سال گوادر تشریف لاتے ہیں اور اس کتب میلے اور سیمینار کا حصہ بنتے ہیں۔ اس چار روزہ کتب میلے اور سیمینار کے انتظام کار آر سی ڈی سی کونسل گوادر کے منتظمین ہوتے ہیں۔ کتب میلے میں 70 فی صد کتب اردو 20 فیصد بلوچی اور 10 فیصد انگریزی کی نظر آتے ہیں۔

پورے سال لوگ اس کتب اور ادبی میلے کا انتظار کرتے رہتے ہیں۔ اس کتب میلے میں نہ صرف طالب علم، ادیب، خواتین اور اساتذہ کتابیں خرید لیتے ہیں بلکہ مکران کے تمام اسکولوں، کالجوں، گوادر پورٹ اتھارٹی، ادارہ ترقیات گوادر، تمام پرائیوٹ اور سرکاری کتاب گھروں کے لیے اچھی خاصی تعداد میں کتابیں خریدی جاتی ہیں۔ گوادر کتب میلے کے حوالے سے معروف ادیبہ اور انجمن ترقی اردو کی چیئر پرسن ڈاکٹر فاطمہ حسن، روزنامہ نوائے وقت کراچی کے 29 فروری 2016 میں اپنے کالم میں لکھتی ہیں:

> "بلا شبہ گوادر کتب میلہ علمی، ادبی اور ثقافتی روایات میں ایک خوبصورت اضافہ ہے اور آر سی ڈی سی کونسل کے اس عزم کی تکمیل بھی کہ وہ ادب اور ثقافت کے فروغ، تعلیم و تربیت کے ساتھ ادبی اور ثقافتی روایتوں کو جدت کے ساتھ پروان چڑھا رہے ہیں اور نئی نسل کو اہل علم کی سنگت کا موقع فراہم کر رہے ہیں"۔(۹)

اس چار روزہ ادبی میلے میں مختلف موضوعات پر سیمینار اور مباحثے ہوتے ہیں۔ جن میں ادب، علم، سماجیات، فنون لطیفہ، گوادر کی اہمیت، بچوں کا ادب اور بین الاقوامی مشاعرے منعقد ہوتے رہتے ہیں۔ مقامی شعراء، ادبا اور صحافیوں کے علاوہ ملک کے مختلف شہروں کراچی، کوئٹہ، حیدر آباد، لاہور اور سکھر سے نامور اور معروف ادیب، شاعر اور صحافی اس ادبی میلے میں شریک

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اور اشعار بھی شائع ہوتے رہتے ہیں۔ بلوچستان کے کسی بھی پریس کلب کی جانب سے ماہنامہ یا رسالہ نہیں نکل رہا ہے۔ یہ اعزاز صرف گوادر پریس کلب کو حاصل ہے۔ اس ماہنامے میں گوادر پورٹ، گوادر کی اہمیت اور سی پیک کے متعلق ماہرین کے انٹرویوز بھی شامل کیے جاتے ہیں۔

تربت میں پندرہ روزہ "صدائے مکران" علی محمد بلوچ کی ادارت میں شائع ہوتا رہا ہے۔ روزنامہ "آساپ" اردو بھی چار سال تک تربت سے نکلتا رہا اور اس نے اپنا ذاتی پریس بھی لگوایا لیکن بعد میں نامساعد حالات کی وجہ سے اخبار کو بند ہونا پڑا۔

اس وقت گوادر سے سات سے زیادہ اردو اخبارات نے ڈیکلریشن حاصل کی ہیں لیکن ان کی طباعت اور چھپائی کا کام کوئٹہ اور کراچی سے ہو رہا ہے۔ تمام نیوز چینلوں کے نمائندے یہاں اپنی صحافتی سرگرمیاں سر انجام دے رہے ہیں۔ مکران کے دیگر شہروں کی نسبت گوادر میں صحافتی سرگرمیاں کچھ زیادہ دکھائی دے رہی ہیں۔ یہاں ملک کے تمام نیوز چینلوں کے نمائندے موجود ہیں۔

مکران میں ادبی تنظیموں کا قیام:

مکران ڈویژن کے تینوں اضلاع کے ضلعی مراکز میں ادبی ادارے قائم ہیں اور ادبی اداروں کی اپنی ذاتی عمارت بھی تعمیر کی گئی ہے۔ تربت میں "بلوچستان اکیڈمی"، پنجگور میں "عزت اکیڈمی"، گوادر میں "سید ھاشمی اکیڈمی"، پسنی میں "دودمان ادبی تنظیم" اور مند میں "ملا فاضل ادبی کاردان" نے نہ صرف اپنی ادبی روایات کو قائم و دائم رکھا ہے بلکہ ماہانہ ادبی بحث مباحثے اور تقاریب کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔

یہاں باہر سے آنے والے کسی بھی زبان کے ادبا اور شعرا کے آنے کی اطلاع ہو تو ان کو ادبی دیوان میں دعوت اور اس کے ساتھ ادبی نشست بھی کی جاتی ہے۔

ان ادبی تنظیموں کی اکثر شائع شدہ کتابیں بلوچی میں ہوتی ہیں لیکن سید ھاشمی اکیڈمی گوادر نے سید ھاشمی کی اردو کتاب "بلوچی زبان و ادب کی تاریخ، ایک جائزہ" اور عزت اکیڈمی پنجگور نے خالد بلوچ کی تاریخی کتاب "پنجگور تاریخ کے آئینے میں" اردو زبان میں چھاپی ہیں۔

گوادر میں سالانہ علمی و ادبی سیمینار اور کتب میلہ:

بلوچستان میں علمی، ادبی اور ثقافتی سیمینار اور سرگرمیاں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے بعد زیادہ تر مکران کے دو اہم شہروں تربت اور گوادر میں ہوتے رہتے ہیں۔ اس کے بعد تیسرے نمبر پر خضدار، نوشکی، لورالائی، سبی، اور پنجگور میں ایسی سرگرمیاں ہوتی ہیں لیکن انتہائی کم تعداد میں۔

صوبہ بلوچستان میں مکران وہ خطہ ہے جہاں ادبی اور سماجی شعور زیادہ ہے اور شعراء، ادبا اور لکھاریوں کی تعداد دوسرے علاقوں کی نسبت کچھ زیادہ دکھائی دیتی ہیں۔

ملک کے بڑے شہروں کی طرح گوادر میں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ریڈیو پاکستان کے مجلہ آہنگ" کے ایڈیٹر بھی رہ چکے ہیں)۔ اس کے علاوہ گوادر میں پاک نیوی کا ایف ایم ریڈیو بھی چل رہا ہے جو صبح آٹھ بجے سے لے کر رات بارہ بجے تک اردو اور بلوچی کے فرمائشی گیت، غزلیں، ایس ایم ایس اور ٹیلی فون پر فرمائشی گیت، غزلیں اور پسندیدہ گیت بھی نشر کرتا ہے۔

مکران کے کالجوں میں مجلے کا اجراء اور حصہ اردو:

ملک کے تمام انٹر، ڈگری اور پوسٹ گریجویٹ کالجوں میں طلباء و طالبات اور کالج اساتذہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور سامنے لانے کے لیے رسالوں کی اشاعت ایک پرانی روایت ہے۔ کالجوں کے ان مجلوں میں اردو، انگریزی کے علاوہ صوبائی زبانوں یا علاقائی زبانوں کو ایک خاص حصہ دیا جاتا ہے۔ طلب علم اور اساتذہ کرام کو ان زبانوں میں سے کم از کم کسی ایک زبان میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو ابھارنے پر زور دیا جاتا ہے۔

اس وقت پورے مکران ڈویژن میں پانچ ڈگری کالج (طلباء و طالبات) اور سات انٹر کالج قائم ہیں۔ اس کے علاوہ کیڈٹ کالج پنجگور، شیخہ فاطمہ کیڈٹ کالج تربت اور بلوچستان ریزیڈنشل کالج (بی آر سی) اپنی تعلیمی خدمات احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں۔

مکران کے آٹھ بوائز ڈگری کالجوں میں سالانہ مجلے کی اشاعت کے روایات قائم و دائم ہے۔ سات انٹر کالجوں میں سے تین انٹر کالجوں نے بھی یہ روایات زندہ رکھے ہیں۔ ان کالجوں کے مجلوں میں اردو کا حصہ زیادہ اور ضخیم ہے اور اس کی مواد سب سے زیادہ ہوتے ہیں۔

مکران کے تین ڈگری کالجوں اور تین انٹر کالجوں کے سالانہ مجلوں کے نام بالترتیب یہ ہیں جو ہر سال تواتر کے ساتھ شائع ہوتے رہتے ہیں:

مجلہ "باتیل" گورنمنٹ ڈگری کالج گوادر
مجلہ "کیچ" گورنمنٹ عطاشاد ڈگری کالج تربت
مجلہ "رخشان" گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور
مجلہ "نہنگ" گورنمنٹ ڈگری کالج تمپ
مجلہ "گیشکور" گورنمنٹ ڈگری کالج بلیدہ
مجلہ "جُڈّی" گورنمنٹ ڈگری کالج پسنی
مجلہ "پدیانک" گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج تربت
مجلہ "کیلکور" شہید ذاکر بلوچ ڈگری کالج ہوشاپ

اردو صحافت سے وابستہ صحافی اور پریس کلب:

ملک کے دیگر حصوں کی طرح مکران ڈویژن میں بھی ضلعی مراکز میں قومی اور مقامی اخباروں کے بیورو چیف، ٹی وی چینل اور پریس کلب کے دفاتر فعال طریقے سے قائم ہیں۔ مکران کے تینوں اضلاع کے ہیڈ کوارٹروں میں صحافی اپنی خبریں زیادہ تر اردو میں تیار کرتے ہیں۔

پریس کلب گوادر وہ صحافتی ادارہ ہے جہاں ماہوار رسالہ "تاکار" (جرنلسٹ) کے نام سے ماہنامے کی شکل میں نکل رہا ہے۔ پریس کلب گوادر کا یہ ماہنامہ اردو میں ہے اور اس میں اکا دکا بلوچی اور انگریزی کے مضامین

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

افضل پرویز (چونکہ افضل پرویز کے آباواجداد بنیادی طور پر کیچ سے تعلق رکھتے ہیں)، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ, ممتاز مذہبی اسکالر مولوی عبدالحق، بلوچی اور اردو کے معروف شاعر اور ادیب عطا شاد، معروف براڈکاسٹر بشیر احمد بلوچ، ادیب و دانشور عبدالغفار ندیم، بلوچستان یونیورسٹی میں شعبہ تاریخ کے چیئرمین منیر احمد بلوچ، تین فرانسیسی ماہرین آثار قدیمہ (جو اُس وقت آثار قدیمہ کی کھدائی کر رہے تھے) ادارہ ثقافت بلوچستان کے ڈائریکٹر جنرل عبد اللہ بلوچ اور سید عابد رضوی (اس سیمینار کے روح رواں تھے) شامل ہوئے۔ اس سیمینار میں انگریزی اور بلوچی کے علاوہ اکثر پیپر اور مقالے اردو زبان میں پیش کیے گئے۔

معروف براڈکاسٹر فخر عالم نعمانی، اے ستار، مختیار ملک بھی اردو اور سندھی کے ادیب اور ڈرامہ نگار نے ریڈیو پاکستان تربت کی خدمت کے ساتھ ساتھ ریڈیو کے ایک چھوٹے سے کمرے میں بیٹھ کر ریڈیو پاکستان کے لیے بے شمار ڈرامے اور فیچر لکھے۔

پروگرام پروڈیوسروں میں سے علی تنہا نے اپنی ریڈیو پاکستان تربت کی ملازمت کے دوران بے شمار اردو افسانے تخلیق کیے۔ ان کا تعلق بنیادی طور پر ملتان سے تھا۔ انہوں نے تربت کی ادبی تنظیموں سے تعلقات استوار کیا اور پروفیسر غنی پرواز اور دوسرے ادیبوں کے ساتھ مل کر ادبی محفلوں اور تقاریب میں اپنے اردو افسانے پیش کیے۔

نصیر شاہین مرحوم بھی پروگرام پروڈیوسر تھا۔ ان کا تعلق کوئٹہ سے تھا۔ وہ بلوچی زبان کے ادیب اور شاعر تھے۔ انہوں نے ریڈیو پاکستان تربت میں اپنی ملامت کے دوران بلیغ الدین شاہ کی ایک اردو مذہبی کتاب کو بلوچی میں ترجمہ کیا۔ ریڈیو پاکستان کے بلوچی مذہبی پروگراموں میں قسطوں میں یہ ترجمے نشر ہوتے رہے اور بعد میں اس بلوچی ترجمے کو کتابی شکل میں "رژنءِ شوھاز" کے نام سے پاک نیوز ایجنسی تربت سے شائع کیا گیا۔

مکران میں ریڈیو پاکستان کا دوسرا اسٹیشن گوادر میں ہے۔ اس ایف ایم ریڈیو اسٹیشن میں بھی بلوچی کے ساتھ اردو میں گیت، غزلیں، فرمائشی گانے اور ہلکے پھلکے سماجی پروگرام نشر ہوتے رہتے ہیں لیکن اکثر پروگرام قومی نشریاتی رابطے پر اسلام آباد سے نشر ہوتے ہیں۔ ایف ایم ریڈیو اسٹیشن کی آواز بھی ایران کے ساحلی شہر چابہار اور گردونواح میں صاف اور شفاف سنائی دیتی ہے کیونکہ چابہار گوادر سے صرف 71 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ صبح اور شام کے وقت اردو اور بلوچی گیت اور غزلوں کا پروگرام چلتا رہتا ہے۔ اگر آپ ایران میں رہیں۔ ایف ایم 93 کو آن کریں آپ کو یہ آواز صاف سنائی دے گا "یہ ریڈیو پاکستان گوادر کی آواز ہے" اور ساتھ مہدی حسن یا نور جہان کی سریلی آواز میں گیت یا غزل سنائی دے گی۔

اس ریڈیو اسٹیشن کے ڈائریکٹر محمد تسلیم ہیں (جو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ایرانی باڈر سے اُس پار کبھی کبھی آپ کو ریڈیو پاکستان تربت اور ریڈیو پاکستان گوادر کی آواز میں مہدی حسن، مہناز، نور جہان، انور رفیع اور احمد رشدی کی میٹھی آواز میں گیت اور غزلوں کے علاوہ کبھی مرکز کے اردو خبر نامے اور کبھی مقامی اردو خبریں اور دوسرے اردو پروگرام اور مشاعرے سننے کو ملیں گے۔

ملک کے انتہائی اسٹریٹیجک اہمیت کے حامل ڈویژن مکران کے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر "کیچ" (جو علمی، ثقافتی اور ادبی اعتبار سے ملک کے کسی بھی ضلع سے پیچھے نہیں ہے) میں ریڈیو پاکستان کا باقاعدہ نشریات کا آغاز ۱۴ جنوری 1981 میں شروع کیا گیا تھا۔ اس کا رسم افتتاح اس دور کے گورنر بلوچستان لیفٹننٹ جنرل رحیم الدین خان نے کیا تھا۔ ابتدائی سالوں میں ریڈیو پاکستان کا یہ ریجنل اسٹیشن اتنا طاقتور اور جاندار تھا کہ ریڈیو پاکستان تربت کی آواز ایران کے جنوبی بلوچ علاقوں چابہار، بندر عباس، اور اس کے ملحقہ علاقوں کے علاوہ خلیجی ملکوں میں بھی اکثر سنائی دیتی تھی لیکن اب ریڈیو پاکستان پر توجہ نہ دینے کی وجہ سے اس کی ٹرانسمیشن بہت کمزور ہو چکی ہے اور اس کی آواز صرف چالیس کلو میٹر تک محدود ہے۔

ریڈیو پاکستان تربت کی آغاز سے یہ خوش قسمتی رہی ہے کہ بے شمار اردو، سندھی، اور بلوچی ادیب اور لکھاری اس کے اسٹیشن ڈائریکٹر رہ چکے ہیں۔ اب تک ان اسٹیشن ڈائریکٹروں کے نام بالترتیب یہ ہیں:

معروف علی، عنایت اللہ بلوچ، جمیل زبیری، ظفر مرزا، عسکر مہدی، ظفر اقبال، فخر عالم نعمانی، نواز حسرت، نعیم مرزا، سید عابد رضوی، محمد شریف شاد، سید سلیمان المعظم، خالد سعید شیرازی، اے ستار سید، اختر ندیم بلوچ، سید قمر حسین شاہ، نصیر احمد سومرد، غلام قاسم کوثر، مختار احمد ملک، محمد جاوید، محمد تسلیم، محمد حمید شاکر (ایکٹنگ)، راشد بلوچ (تا حال)۔

ان اسٹیشن ڈائریکٹروں میں جمیل احمد زبیری اردو کے مقبول ادیب اور سفر نامہ نگاروں میں شمار ہوتے ہیں۔ انہوں نے ریڈیو پاکستان کے ایک چھوٹے سے کمرے میں بیٹھ کر رپوتاژ "مکران ایک رپوتاژ" اردو زبان میں لکھی۔ مکران خاص طور پر کیچ کے متعلق ایک معلوماتی کتاب ہے جو ہاتھوں ہاتھ بک گئی۔

سید عابد رضوی نے بھی ریڈیو پاکستان کو ایک فعال ادارہ بنایا۔ انہوں نے نہ صرف ریڈیو پاکستان کی خدمت کی بلکہ یہاں علمی، ادبی اور ثقافتی سیمینار منعقد کرنے میں ایک فعال اور مثالی کردار ادا کیا۔ ریڈیو پاکستان تربت اور ادارہ ثقافت بلوچستان کے باہمی اشتراک سے وادی کیچ کی ثقافت، تاریخ اور ادب کیچ مکران میں اسلام کی آمد کے حوالے سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کا موضوع تھا "کیچ بازیافت" جو تربت سرکٹ ہاؤس میں منعقد کرایا گیا۔ اس سیمینار میں ملک کے ممتاز دانشور اور ماہر تعلیم ڈاکٹر نبی بخش بلوچ، پنجابی اور اردو کے ممتاز ادیب جناب

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ادیب سید ظہور شاہ ہاشمی ہیں جس کا اردو ترجمہ بلوچی زبان کے نامور ادیب اور مترجم غوث بخش صابر نے کیا اور جسے اکادمی ادبیات پاکستان نے ۱۹۹۵ میں شائع کیا ہے۔

منیر احمد بادینی جو بلوچی فکشن کے ایک معروف اور معتبر نام ہیں جس نے اب تک سو سے زیادہ ناول اور ناولٹ لکھے ہیں ان کا بلوچی ناول "بِلّے کہ ماہ بہ کپ ایت" کو گوادر سے تعلق رکھنے والے نوجوان ادیب اور ادبی ادارہ جیوز گوادر کے روح رواں کے بی فراق نے "چاند کو ڈھلنے دو" کے نام سے اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ جسے گام پبلی کیشنز گوادر نے ۲۰۱۱ میں شائع کیا ہے۔

علاوہ ازیں بلوچی زبان کے نوجوان ادیب اور فکشن رائٹر شرف شاد نے منیر احمد بادینی کی بلوچی افسانوں کو اردو میں "صدیوں کی لمبی رات" کے نام سے کتابی شکل دی ہے۔ جو سچکان پبلی کیشنز گوادر کی جانب سے ۲۰۱۶ میں شائع ہوئی ہے۔

منیر مومن جن کا تعلق مکران کے ساحلی شہر پسنی ضلع گوادر سے ہے جو بلوچی زبان کے عہد حاضر کے معروف شاعر اور افسانہ نگار ہیں۔ اب تک بلوچی زبان میں ان کے آٹھ شعری مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

انگریزی اور فارسی زبان میں بھی ان کے شعری تراجم ہو چکے ہیں ۔ جبکہ حال ہی میں گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے نوجوان شاعر اور مترجم احسان اصغر نے کمالِ مہارت سے ان کی بلوچی نظموں کو اردو زبان کے قالب میں پیش کیا ہے۔ اس انتخاب کو انہوں نے "گمشدہ سمندر کی آواز" کا نام دیا ہے۔

کتاب کے دیباچے میں ضیاء المصطفی ترک "منیر مومن ایک نئی بوطقیا کا سراغ" کے عنوان کے تحت منیر مومن کی شاعری کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:

> "منیر مومن کے ہاں جس بوطقیا کی نمود ہوئی ہے، اس کا خمیر اپنی دھرتی، اپنی مٹی سے اُٹھا ہے اور اس کا اظہار محض "بین السطور تک محدود نہیں بلکہ اس کی غمازی سطر سطر سے ہوتی ہے۔ یہ بات الگ کہ یہ شدت کسی جگہ نعرہ بازی اور پروپیگنڈہ سطح پر آتی ہوئی معلوم نہیں ہوتی"۔(8)

مکران میں نشریاتی ادارے:

یوں تو یہ ریڈیو پاکستان کی نیشنل براڈ کاسٹنگ ہاؤس، صوبائی ہیڈ کوارٹر اور ریجنل اسٹیشن ملک کے چپے چپے اور کونے کونے میں قومی زبان کے ساتھ ساتھ، صوبائی اور علاقائی زبانوں کے مختلف پروگرام بڑے احسن طریقے سے نشر کرتے چلے آرہے ہیں ریجنل اسٹیشنوں کے اکثر اردو پروگرام مرکز سے نشر (ریلے) ہوتے رہتے ہیں لیکن موسیقی، مشاعرے اور کچھ ہلکے پھلکے سماجی پروگرام مقامی اسٹیشنوں سے اردو میں نشر ہوتے رہتے ہیں۔

بلوچستان کے انتہائی دور افتادہ ڈویژن مکران جس کی ایک سرحد ایران اور دوسری سرحد بحیرہ عرب کے نیلگوں سمندر سے جڑی ہوئی ہے۔ یہ ریڈیو پاکستان کی ملک گیر نشریاتی نیٹ ورک اور ہمہ گیریت کی بدولت ہے کہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہیں ۔ اب تک بلوچی زبان میں ان کی تین کتابیں ایک شعری مجموعے کے علاوہ ایک افسانوی اور ایک بلوچی ڈراموں پر مشتمل کتاب شائع ہو چکی ہے۔ گزشتہ تین دہائیوں سے ملک کے معتبر اردو روزنامہ جنگ کوئٹہ کے ادبی صفحے پر ہفتہ وار کالم "بلوچی دیوان" کے نام سے لکھ رہے ہیں ، جن میں وہ بلوچی زبان و ادب ، ثقافت ، ادبی تقاریب، ادبی ادارے، ادبی اشاعتیں، ادبی شخصیات اور دیگر ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کا احاطہ کرتے ہیں۔ اب تک اردو میں ان کے ادبی کالموں کی تین کتابیں "بلوچی دیوان" ، جلد اول(۲۰۰۷)، جلد دوم (۲۰۰۹) اور جلد سوم (۲۰۲۵) میں شائع ہو چکی ہیں۔

بلوچی زبان کے نوجوان افسانہ نگار اور محقق یعقوب عامل کا اردو افسانوی مجموعہ "گل اندام" کے نام سے منصہِ شہود پر آ چکا ہے اور ان کو بلوچستان کے ادبی حلقوں میں کافی پزیرائی ملی ہے۔ غنی پرواز کی شخصیت اور فن پہ اردو کے نامور فکشن رائٹر آغا گل ، اردو کے نامور دانشور اور افسانہ نگار خادم مرزا، بلوچی زبان کے معروف ادیب اور افسانہ نگار عباس علی زیمی ، اردو اور پشتو کے معروف ادیب اور افسانہ نگار فاروق سرور بلوچی زبان کے نوجوان فکشن رائٹر ڈاکٹر حنیف شریف اور ڈاکٹر علی دوست بلوچ نے اظہار خیال کیا ہے۔

پروفیسر غنی پرواز جو بلوچی زبان کے معتبر شاعر، فکشن نویس، نقاد اور محقق ہیں، نے اپنی شاعری اور افسانہ نگاری کا آغاز ۱۹۶۱ میں اردو زبان سے ہی کیا۔(۵) لیکن بعد میں بلوچی ادب میں قدم رکھا، آج کل دونوں زبانوں میں یکساں اور تواتر کے ساتھ طبع آزمائی کر رہے ہیں۔ ان کا پہلا اردو افسانوی مجموعہ "دل کے سہارے" کے نام سے جمشید پبلی کیشنز کیچ کی جانب سے شائع ہو چکا ہے۔ ان کے اس مجموعے کا مقدمہ ہندوستان کے معروف اردو ادیب آسی رام نگری نے لکھا ہے۔

غنی پرواز کے بلوچی افسانوں کے اردو تراجم کے متعلق ڈاکٹر علی دوست لکھتے ہیں:

"غنی پرواز جو بلوچی افسانہ نگاری میں ایک نام ہیں ان کے افسانوں کے اردو تراجم مختلف رسائل و جرائد میں وقتاً فوقتاً شائع ہوتے رہے ہیں۔ اس طرح بلوچی زبان کے دیگر نامور افسانہ نگاروں کے افسانوں کے تراجم بھی اردو میں منتقل ہوتے رہے ہیں ۔" تھوڑا سا پانی" غنی پرواز کے افسانوں کی کتاب کا اردو ترجمہ ہے جس میں ان کے علاوہ دیگر لکھاریوں نے بھی ان کے افسانوں کے تراجم کیے ہیں"۔(۷)

اس کے علاوہ غنی پرواز کے دو بلوچی ناول (مہرءِ ہوشام اور مہرءِ ہمراہی) بھی اردو میں ترجمہ ہو چکے ہیں۔ یہ دونوں بلوچی ناول "مہرءِ ہمراہی" اور " آس الوت کنان انت" کے ترجمے انگریزی زبان میں بھی ہو چکے ہیں جن کے مترجم پروفیسر صدیق بلوچ ہیں۔

"نازک" جسے بلوچی زبان کا اولی ناول کہا جاتا ہے جس کے مصنف بلوچی زبان کے معروف شاعر، محقق اور

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پیش لفظ معروف شاعر اور اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ شاخ کے ریذیڈنٹ ڈائریکٹر افضل مراد نے لکھا ہے۔ یہ شعری مجموعہ جمشید پبلی کیشنز کیچ کی جانب سے شائع ہو گیا ہے۔

افسانہ نگاری کے حوالے سے بلوچی ادبیات کے اہم ناموں میں سے حکیم بلوچ، ایوب بلوچ، ڈاکٹر نعمت اللہ گچکی اور پروفیسر غنی پرواز ہیں کہ ان افسانہ نگاروں کا تعلق بنیادی طور پر مکران ڈویژن سے ہے۔ ان صاحبان نے بلوچی افسانہ نگاری اور ناول نگاری کے ساتھ ساتھ اردو اور انگریزی زبان میں بھی طبع آزمائی کی ہے۔ حکیم بلوچ کے بے شمار بلوچی افسانے اردو زبان میں بھی منتقل ہو چکے ہیں جو اکثر ادبیات پاکستان کے مجلہ "ادبیات" کے پاکستانی زبانوں کے تراجم کے حصے میں چھپ چکے ہیں۔

ڈاکٹر نعمت اللہ گچکی نے بلوچی اور اردو افسانہ نگاری کے ساتھ ساتھ بلوچی کے شاہکار افسانوں کو Shooting Star کے نام سے انگریزی زبان میں ترجمہ کیا ہے۔ جسے اکادمی ادبیات پاکستان اسلام آباد نے سن ۲۰۰۶ میں شائع کیا ہے۔

ظفراللہ بلوچ کا تعلق مکران کے قدیم ساحلی قصبے اورماڑہ سے ہے۔ ظفراللہ بلوچ بلوچستان حکومت میں سیکرٹری کے عہدہ پر فائز رہے ہیں۔ بحیثیت ڈپٹی کمشنر بلوچستان کے مختلف ضلعوں میں خدمات سرانجام دیتے رہے اور ساتھ ساتھ ان کو بلوچستان اور سندھ کی تہذیبی، تاریخی اور قدیم مقامات کی سیر کرنے اور مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔ وہ اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ ان کی اردو کتاب "سندھ بلوچستان کی قدیم تہذیب" ہے جو بلوچستان کی قدیم تہذیب کے حوالے سے اردو میں ایک دستاویزی اور معلوماتی کتاب ہے۔ اس کتاب کے پیش لفظ میں معروف ادیب اور دانشور ایوب بلوچ لکھتے ہیں:

"بلوچستان تہذیب اعتبار سے اہم خطہ ہے۔ تاہم اس پہ سائنسی انداز میں تحقیقی کام بہت محدود ہے۔ اب تک جو کچھ سامنے آیا ہے اس نے علم آثار قدیمہ اور ثقافتی علوم کے شعبے میں حیران کن اضافہ کیا ہے۔ بلوچستان کو تحقیق کے ذریعے دنیا کے سامنے لانے میں ملکی اور غیر ملکی محققوں کی کاوشیں قابلِ ستائش ہیں۔ مگر مقامی دانشوروں اور ماہرین سے اس سلسلے میں بہت سی توقعات وابستہ ہیں۔ برٹش راج سے متعلق انتظام کاروں کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا جو اپنی معمول کی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ تحقیقی مواد تلاش کرتے اور شائع کرتے رہے۔ جس کے نتیجے میں بلوچستان پر ایک بنیادی معلوماتی ذخیرہ وجود میں آیا۔ آزادی کے بعد اب روایت کو چند مقامی انتظام کاروں نے جاری رکھا۔ جن میں دیگر کے علاوہ ظفراللہ بلوچ کا نام بھی شامل ہے"۔(۶)

اس کے علاوہ اُن کے بے شمار تہذیبی اور ثقافتی مضامین اردو کے اخبارات میں چھپ چکے ہیں۔

ڈاکٹر علی دوست بلوچ کا تعلق پنجگور سے ہے۔ وہ بلوچی زبان کے ایک نامور شاعر، افسانہ نگار اور ڈرامہ نگار

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

میں بھی خوبصورت شاعری کرتے ہیں۔ ان کا اردو شعری مجموعہ اشاعت کا منتظر ہے۔

مبارک قاضی بلوچی زبان کے صاحب اسلوب اور خوبصورت لب و لہجہ کے شاعر تھے۔ ان کی بلوچی شاعری کے دس مجموعے چھپ چکے ہیں۔ بلوچی کے علاوہ ان کے اردو اشعار وقتاً فوقتاً مختلف اخبارات میں چھپتے رہے ہیں۔ ان کے علاوہ اُن کی بلوچی شاعری کے بے شمار اشعار اردو میں منتقل ہو چکے ہیں۔ جو اکادمی ادبیات کی سہ ماہی ''ادبیات'' اسلام آباد اور ماہنامہ سنگت کوئٹہ میں شائع ہوئی ہیں۔

غنی پہوال بلوچی اور اردو دونوں زبانوں میں شاعری کرتے ہیں ، اردو میں ان کا پہلا شعری مجموعہ ''سانسوں کی کشتیاں'' کے نام سے ۲۰۱۹ میں رنگ ادب پبلی کیشنز کراچی کی جانب سے شائع ہوئی ہے۔ رفیع رضا کتاب کے دیباچے میں غنی پہوال کی اردو شاعری کے متعلق لکھتے ہیں:

''غنی پہوال نے اپنی شاعری بلوچی زبان میں لکھی ہے۔ لیکن اردو پر بھی ان کو کمال دسترس ہے۔ اس لیے ان کی اپنی بلوچی نظموں کے ترجموں کے علاوہ اردو میں کہی گئی نظمیں خاص اثر رکھتی ہیں۔ ان کی شاعری میں رزمیہ مبازرت ، زمین سے جُڑا دکھ ، ہجرت اور ملک میں جاری ظلم و ستم کے خلاف ایک دبنگ آواز کی صورت میں سامنے آتا ہے''۔ (۴)

مرحوم گل محمد وفا بلوچی اور اردو دونوں زبانوں میں شاعری کرتے تھے۔ ان کی رحلت کے بعد ان کی بلوچی کے تین شعری مجموعے منظر عام پر آئے ہیں۔ اردو کے بے شمار اشعار مشاعروں اور ادبی بھیٹکوں میں پڑھ چکے ہیں لیکن تاحال اردو شعری مجموعے منصہِ شہود پر نہیں آئے ہیں۔

اکمل شاکر نوجوان شاعر ہیں۔ زیادہ تر دوہے، ہائیکو اور غزلیں لکھتے ہیں۔ مکران کے ساحلی شہر پسنی سے تعلق رکھتے ہیں۔ عرصہ دراز سے اردو زبان میں تجربے کرتے چلے آرہے ہیں۔ کراچی کے اردو داں حلقوں میں ان کی اچھی خاصی واقفیت اور دوستی ہے۔ ان کے اشعار اکثر کراچی کے بیشتر رسائل و جرائد میں چھپتے نظر آتے ہیں۔ ان کی اردو دوہوں ، غزلوں اور ہائیکو پر مشتمل پہلا شعری مجموعہ سن ۲۰۰۸ میں چھپ چکا ہے۔ وہ پسنی سے اردو کا ایک ادبی پرچہ ''سُھب'' کے نام سے بھی نکال رہے ہیں۔ جو کوئٹہ کے بعد بلوچستان میں ادبی صحافت کو پروان چڑھا رہا ہے۔ ان کے اس جریدے میں اکثر بلوچستان اور کراچی کے ادیبوں کا ادبی مواد چھپتا ہے۔ بلوچی ادب کے اردو تراجم بھی اس رسالے کی زینت کو دوبالا کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر سمی پرواز، معروف ادیب اور افسانہ نگار پروفیسر غنی پرواز کی صاحب زادی ہیں۔ بلوچی کے ساتھ اردو میں بھی شاعری کرتی ہیں۔ حال ہی میں ان کی آزاد اور طبع زاد نظموں پر مشتمل شعری مجموعہ '' اداس لمحوں کے غم کدے میں'' شائع ہو گیا ہے۔ اس شعری مجموعے کا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہیں اور آج کل ملک سے باہر ہیں اور اردو زبان کے کسی تدریسی ادارے سے منسلک ہیں ۔ اردو ادب میں ان کا میلان تنقید نگاری ہے۔ ان کا شعری مجموعہ ”بچے، تتلی اور پھول“ ہے جس کو ادبی حلقوں میں خوب سراہا گیا ہے۔

ایک اور نوجوان اور ابھرتے ہوئے شاعر عمران ثاقب ہیں ۔ گو کہ ان کی علمی اور ادبی تربیت کراچی کے ماحول میں ہوئی ہے لیکن ان کی شاعری میں بلوچستان کی تہذیبی اور ثقافتی رنگ اور چھاپ نظر آتی ہیں۔ مایہ ناز اور معروف شاعر ایوب خاور، عمران ثاقب کے شعری مجموعے ”چُپ کی چاپ“ کے مقدمے میں لکھتے ہیں:

”چپ کی چاپ“ ان کی نظموں پر مشتمل ایک ایسا شعری مجموعہ ہے جو بالکل ایک مختلف شعری آب و ہوا میں سانس لیتا ہوا نظر آتا ہے۔ جس میں ان کی کسی بھی نظم کا منظر نامہ روایتی نظم نگاروں کا سا نہیں ہے۔ اس کی اپنی لفظیات ہیں ایسے موضوعات ہیں جو عام طور پر کسی شعری مجموعے میں کم کم دکھائی دیتے ہیں اس کا طرز احساس جداگانہ ہے اس کی نظر اس مقام پر ٹھہرتی ہے جہاں زندگی کا کوئی ایک انسان کسی حیرت میں گم ہے یا کسی ناانصافی کے بوجھ سے سرنگوں ہے ۔وہ سمجھتا ہے کہ آج کا انسان اس گدھ سے زیادہ بدتر ہے جو اپنے شکار پر اس وقت تک حملہ نہیں کرتا جب تک وہ مردہ نہ ہو جائے۔ لیکن موجودہ صورتحال میں انسان اور اس کی زندگی ہمارے ہاں جس قدر سستی اور بے مایا ہو چکی ہے، اس میں زندہ لوگوں کے پرنچے اڑانا ایک پیشہ ورانہ تلذذ اختیار کر چکا ہے۔ اس لحاظ سے عمران ثاقب کی کئی نظمیں بنیادی انسانی رشتوں کا نوحہ لگتی ہیں“۔(۳)

باقی بلوچ ، معروف سیاستدان ، لیڈر ، بہترین مقرر اور اردو زبان میں شاعری کرتے تھے۔ وہ ضلع کیچ کی سب تحصیل دشت بل نگور کے گاؤں مچّات میں پیدا ہوئے تھے۔ وہ مغربی پاکستان کے اسمبلی کے اچھے لیڈر اور اعلیٰ مقرر تھے۔ لوگ ان کی تقریریں سننے کے بے حد دلدادہ تھے۔ میر غوث بخش بیزنجو کی طرح منجھے ہوئے سیاستدان تھے۔ اردو میں خوبصورت شاعری کرتے تھے۔ سن ساٹھ، ستّر کی دہائی مین اکثر کوئٹہ کی اردو ادبی محافل میں حصہ لیا کرتے تھے۔ جس زمانے میں آغا صادق حسین نقوی ، انجم قزلباش ، ماہر افغانی ، عطا شاد، عین سلام اور دوسرے بڑے بڑے شعرا مشاعروں میں شریک ہوتے تھے ۔ باقی بلوچ بھی ان ادبی محافل میں شعر پڑھا کرتے تھے، وہ اس زمانے میں پنجاب یونیورسٹی لاہور میں پڑھ رہے تھے۔ وہاں ان کو بے شمار اردو کے اساتذہ کرام اور شاعروں کی قربت حاصل رہی اور وہاں سے انہوں نے اپنی شاعری اور تخلیق کاری شروع کی بعد میں کوئٹہ آئے سیاست کے ساتھ ساتھ شاعری بھی کی۔ اس کے علاوہ اردو نثر نگاری پر بھی عبور رکھتے تھے۔ ان کی نثر کی ایک کتاب ”بلوچستان مسئلہ کیا ہے“ بھی چھپ چکی ہے۔

بشیر بیدار کا جدید بلوچی شاعری کے نامور شعرا میں ہوتا ہے۔ نظم کے خوبصورت شاعر ہیں۔ اب تک بلوچی میں ان کے چار شعری مجموعے (گُوربام ، ھرّام، کریاب، ماھیکان) شائع ہو چکی ہیں ۔ بلوچی کے ساتھ اردو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

معروف ناشر سے چھپوایا تھا۔

خطہ مکران کے تاریخی اور ثقافتی زمین سے جنم لینے والے اردو کے دو اہم اور قد آور شاعر عطا شاد اور ن م دانش ہیں کہ جنہوں نے اپنی اردو شاعری میں نہ صرف اہم نام کمایا بلکہ اردو کی زمین کی زرخیزی اور اس کی آبیاری کے لیے علاقائی سطح پر بہت کام کیا اور اپنے آپ کو اردو داں حلقوں میں منوایا۔

عطا شاد کے اردو شعری مجموعے "سنگاب" (۱۹۸۵)، "برفاگ" (۱۹۹۸) اور شعری کلیات "اب جب نیند ورق الٹے گی" اردو شعری ادب کے لیے گراں بہا سرمایہ ہیں۔ اس کے علاوہ عطا شاد نے ریڈیو اور ٹی وی کے لیے بے شمار ڈرامے لکھے ہیں جو کوئٹہ ریڈیو اور ٹی وی اسٹیشنوں سے وقتاً فوقتاً نشر ہوتے رہے ہیں۔ ان ڈراموں میں مشہور اردو ڈرامہ "چاکر اعظم" بھی شامل ہے جو نامور بلوچ حاکم میر چاکر خان رند کی زندگی، رند اور لاشار قبائل کے آپس کی چپقلش اور بلوچ رومانوی داستان ھانی و شے مرید کی محبت کے پس منظر میں لکھا گیا ہے۔ جو نوے کی دہائی میں پی ٹی وی سے ٹیلی کاسٹ ہوا ہے جس نے پاکستان بھر میں خوب پزیرائی حاصل کی ہے۔ اس کے علاوہ ان کے اردو کتابوں میں درین، بلوچی نامہ، اردو بلوچی ڈکشنری اور ہفت زبانی لغت بھی شامل ہیں۔

۱۔ دُرین (دھنک) ۱۹۶۶۔ یہ کتاب بلوچی لوک گیت، سوت، ھالو، زہیروک، لاڑو اور ڈیہی وغیرہ پر مشتمل ہے اس میں تمام بلوچی لوک اصناف کی شاعری کا اردو ترجمہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ عطا شاد اور عین سلام نے لوک گیتوں کے تراجم میں بلوچی بحور و بلوچی الفاظ و تراکیب کا عمدہ استعمال اور اردو زبان و ادب کی ترویجی افادیت کو پیش نظر بھی رکھا ہے، جو اردو ادب کے لیے ایک سرمایے سے کم نہیں۔

۲۔ بلوچی نامہ (۱۹۶۸)۔ یہ عطا شاد کی اردو زبان میں ایک اور تحقیقی کتاب ہے جس میں بلوچ معاشرے کی رسم و رواج، خانگی زندگی، اشیائے خورد و نوش، زمینداری، زراعت اور ثقافت سے متعلق اصطلاحات کو شامل کیا گیا ہے۔ اس تحقیقی کتاب پر انہیں ۱۹۸۳ میں صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے نوازا گیا ہے۔

۳۔ اردو بلوچی ڈکشنری: عطا شاد نے بلوچی زبان کے نامور محقق مٹھا خان مری کے تعاون و اشتراک سے یہ لغت ترتیب دی ہے، جسے مرکزی اردو بورڈ لاہور نے ۱۹۷۲ میں شائع کیا تھا۔ اس لغت میں انہوں نے اردو الفاظ کے بلوچی مترادفات مغربی اور مشرقی لہجوں میں لکھے ہیں۔

۴۔ ہفت زبانی لغت: یہ سات زبانوں پر مشتمل ہے جس میں اردو، بنگالی، پشتو، پنجابی، سندھی، کشمیری اور بلوچی کے الفاظ شامل ہیں جس کے بلوچی حصے کو عطا شاد نے مرتب کیا ہے، جسے اردو سائنس بورڈ نے شائع کیا ہے۔

ن م دانش کا تعلق بنیادی طور پر گوادر سے ہے۔ وہ وفاقی اردو یونیورسٹی کراچی کے شعبہ اردو میں استاد رہے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پرچے نکل رہے ہیں جن کی نگرانی ڈائریکٹوریٹ آف فلمز اینڈ پبلیکیشنز اسلام آباد کر رہا ہے۔

پاکستان میں اردو کو عالمی سطح تک اپنی حیثیت اور اہمیت منوانے کے لیے بڑے قومی ادارے قائم کیے گئے ہیں۔ جو اردو کی تشہیر اور ترقی کے لیے بڑے پیمانے پر کام کر رہے ہیں اور جدید سائنسی اور سماجی علوم کی اصطلاحات کو اردو میں منتقل کر رہے ہیں بلکہ ان تمام سائنسی علوم کو اردو کا جامعہ پہنا کر اسے قارئین اور پاکستان کے گلی محلوں اور کوچوں میں پہنچا رہے ہیں۔ یوں تو ملک کے تمام اضلاع اور ڈویژن کی سطح پر اردو کو وسیلہ اظہار بنالیا گیا ہے۔

مکران ڈویژن جو بلوچستان کے انتہائی مغرب میں واقع ہے جس کی سرحدیں شمال مغرب میں ایران سے لگتی ہیں۔ مشرق میں قلات ڈویژن کے ضلع اواران اور ضلع واشک، جنوب مغرب میں ساحل سمندر اور انتہائی مغرب میں بحیرہ عرب واقع ہے۔ جہاں لوگوں کی سو فیصد آبادی کی مادری زبان بلوچی ہے لیکن یہاں کے لوگ فر فر اردو بول لیتے ہیں۔ پاکستان کے دوسرے صوبوں کی طرح یہاں کے لوگ اردو بولنے، سمجھنے اور پڑھنے میں کوئی دقت محسوس نہیں کرتے۔

مکران کی اپنی ایک تاریخی حیثیت بھی ہے۔ یہ خطہ عہد قدیم سے لے کر انگریزوں کی آمد تک ہمیشہ اہمیت کا حامل اور مختلف حملہ آوروں کی گذرگاہ رہا ہے۔ مکران کی اس تاریخی اور تہذیبی اہمیت کے متعلق حمید بلوچ اپنی کتاب مکران عہدِ قدیم سے عہدِ جدید تک میں یوں رقمطراز ہیں:

> ”مکران ایک تاریخی اور تہذیبی خطہ بھی ہے۔ یہ سرزمین عہد قدیم سے لے کر عہد جدید تک مختلف تاریخ ساز گروہوں کی گذرگاہ اور جاہ و مسکن رہا ہے۔ ان میں کورش اعظم، سکندر مقدونی، اردشیر بابکان، نوشیروان، عرب فاتح، غزنوی، سلجوقی، صفواوی حکمران، پرتگیز اور انگریز شامل ہیں“۔(۱)

یہاں تین ہزار سال قدیم آسیاب (چکّی) کیچ کے نواحی دیہاتوں میں دس فٹ کھڑے اپنی قدیم تاریخی مناظر دکھا رہے ہیں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج تک محکمہ آثار قدیمہ یا کسی ثقافتی ادارے نے ان کے متعلق کوئی تحقیق نہیں کی ہے۔ صرف جامعہ بلوچستان کے بلوچستان اسٹڈیز سنٹر میں اس کی تصویر آویزاں کی گئی ہے اور اس کے متعلق معلومات ندارد۔ یہاں پر طوطی ہند مرزا اسداللہ غالب کی شاعری کو پرکھنے والے فارسی کے ہر دلعزیز شاعر ناطق مکرانی نے اپنے بچپن کے ایام گزارے تھے اور بعد میں مذہبی تعلیم حاصل کرنے کے لیے پہلے سندھ اور پھر ہندوستان کا رخ اختیار کیا ناطق نے اتنی خوبصورت فارسی شاعری کی جس کی طوطی پورے ہندوستان میں بولتا تھا بعد میں ان کا شعری کلیات ”جوہرِ معظم“ کے نام سے چھپی۔ اس کو معروف محقق، اردو اور فارسی کے پروفیسر انعام الحق کوثر نے لاہور کے ایک

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

میر بلوچ خان (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ بلوچی)

خطہ مکران میں اردو شناسی (ایک تحقیقی مطالعہ)

پاکستان کے تمام خطے جغرافیائی، تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے اپنی جداگانہ حیثیت اور اہمیت رکھتے ہیں۔ شمالی علاقہ جات کی برف پوش اور لالہ زار وادیوں سے لے کر بلوچستان کے مغربی ایرانی سرحد اور گوادر کی نیلگوں دور سمندر اپنی خوبصورت لینڈ اسکیپ، مردم خیزی اور سیاسی حوالے سے ممتاز اور یگانہ حیثیت رکھتے ہیں۔

پاکستان کی بائیس کروڑ آبادی میں رابطے یا کمیونیکیشن کی زبان اردو کو تسلیم کیا گیا ہے۔ ملک کا کوئی ایسا خطہ نہیں ہے جہاں اردو بولی، سمجھی اور پڑھی نہ جاتی ہو۔ اس کے علاوہ ملک کے چپے چپے خواہ وہ شہر ستان ہوں یا دیہات اور قریے جہاں سرکاری اور پرائیوٹ اداروں، روڑ اور شاہراہوں، مارکیٹوں اور دکانوں کے نام اردو میں لکھے گئے ہیں۔ بلکہ مختلف شعبہ ہائے زندگی کے تمام محکموں میں اردو کو وسیلہ اظہار بنا دیا گیا ہے۔ اردو کی تمام کتابوں، رسالوں، پمفلٹوں، اخباروں اور نیوز چینلوں کو خاص و عام اپنی دلچسپی کا اظہار بنا لیتے ہیں۔

پاکستان کے تمام خطوں اور صوبوں میں بسنے والے باسی اپنی خوبصورت شیریں اور ہزاروں سال قدیم اور تہذیبی و ثقافتی اعتبار سے لبریز اور میٹھی مادری زبان رکھتے ہیں۔ ملک کے چاروں صوبوں بشمول کشمیر کی نمائندہ زبانوں (پنجابی، سندھی، پشتو، بلوچی، سرائیکی اور کشمیری) کو علاقائی زبانیں قرار دیا گیا ہے لیکن اردو کو پاکستان میں بسنے والے تمام قوموں کی قومی زبان کی حیثیت دی گئی ہے۔ پاکستان کی صوبائی نمائندہ زبانوں کو پاکستانی زبانوں کا نام بھی دیا گیا ہے۔ اردو کے علاوہ پاکستانی زبانوں کے ادبی، سائنسی اور مذہبی مواد بڑے تواتر کے ساتھ چھپتے رہے ہیں۔ پاکستان کے تمام سرکاری اور نجی اداروں کی لائبریریوں میں ان قومی زبانوں کے اخبارات، رسائل، ادبی جرائد اور کتابیں کثرت سے پڑھی جاتی ہیں۔ پرائمری سے لے کر یونیورسٹی کی سطح تک ان زبانوں (پنجابی، سندھی، پشتو، بلوچی اور کشمیری) کے شعبہ جات ملک کے بڑے بڑے جامعات میں کھولے گئے ہیں۔

پی سی ایس اور سی ایس ایس سطح تک ان زبانوں کے پرچے امیدوار بڑے احسن طریقے سے منتخب کرتے ہیں۔ چاروں صوبوں کے تعلقات عامہ کے محکموں کے علاوہ وفاقی نشر و اشاعتی ادارے بھی پاکستانی زبانوں کے نہ صرف اخبارات کو اشتہارات کی مد میں مدد کرتے ہیں بلکہ تمام زبانوں کے الگ الگ ادبی، ثقافتی، تہذیبی اور مذہبی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اداریہ

تیری محفل میں لیکن ہم نہ ہوں گے

عزیزانِ من! کیچ میگزین کا یہ تازہ ترین شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے، پروفیسر امان اللہ صاحب پرنسپل عطاشاد ڈگری کالج تربت کی خواہش پر تزئین کی ہے۔ کالج کا یہ آخری میگزین تو نہیں لیکن شاید یہ شمارہ جو آپ کے ہاتھوں میں ہے یہ میری سروس لائف کا آخری ہو۔ کیونکہ اس کے بعد

تیری محفل میں لیکن ہم نہ ہوں گے

کیچ میگزین کا پہلا شمارہ چالیس سال قبل 1985 میں شائع ہوا اور اُس وقت میں کالج میں انٹر میڈیٹ کا طالب علم تھا اور زمانہ طالب علمی میں میرے علمی مواد اُس میں شامل ہیں۔ جس نے اردو ادب کی طرف نہ صرف راغب کیا بلکہ کالج میں اردو کا استاد مقرر ہونے کے بعد دوسری جلد بھی میری ہی ادارت میں شائع ہوا اور تاہنوز یہ شمارہ جو آپ کے ہاتھوں میں ہے، یہ بیشتر طلباء کی کاوشیں ہیں کمزوریاں ، خامیاں اور ادبی معیار پر شاید نہ ہوں اس لئے در گزر کی گنجائش دل میں رکھیں۔

کدورتوں، نفرتوں، حسد اور بغض سے دور محبتوں کی سرزمین کے ہم باسی ہیں جہاں پر بقول عطاشاد:

میری زمیں پر
ایک کٹورے پانی کی قیمت
سو سال وفا ہے
آؤ ہم بھی پیاس بجھائیں
زندگیوں کا سودا کر لیں

اور میرے خیال میں زندگیوں کا یہ سودا کوئی گھاٹے کا سودا نہیں ہے۔ ایک کٹورے پانی کے عوض ہم سو سال تک وفا کا ساتھ دیتے رہتے ہیں ۔ ہم محبتوں کے متوالے، انسانیت کے دیوانے، عشقِ مجازی اور عشقِ حقیقی میں حد سے گزر جاتے ہیں۔

آج کا بلوچ طالب علم ایک سچا طلبِ علم رکھتا ہے اسی لیے وہ آج کے موبائل کلچر کے دور میں بھی کتابوں سے عشق اور شغف رکھتا ہے۔ ایک ہی دن میں ستر لاکھ روپے سے زائد کی کتابیں خریدنے کا یہ ریکارڈ رکھتا ہے بلکہ عملی طور پر مطالعے کا دیوانگی کی حد تک شوق رکھتا ہے۔

میگزین میں زیادہ تر مواد انٹر لیول کے طلباء کے ہیں جو کہ اپنی اپنی ذہنی بساط کے مطابق ہیں۔ یہ طلباء باعث تحسین اور قابل داد ہیں کہ آج کے دور میں کچھ نہ کچھ کہنے اور لکھنے کی جسارت رکھتے ہیں۔ بی ایس اردو کے ایک طالب علم شیھک شریف نے کالج کے پہلے میگزین جو ۱۹۸۵ میں شائع ہوئی اُس میں سے ایک ادارتی نوٹ کا انتخاب کیا ہے۔ یہ میری ادبی زندگی کی ابتدائی کوششوں میں سے ایک ہے۔

محبت کرنے والے کم نہ ہوں گے
تیری محفل میں لیکن ہم نہ ہوں گے

دعاؤں میں ضرور مجھے یاد رکھیں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ کالج کا ایک خادم

پروفیسر باقر علی شاکر۔ چیف ایڈیٹر و ایڈیٹر حصہ اردو

کیچ میگزین

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ترتیبِ نگارشات

تیری محفل میں لیکن ہم نہ ہوں گے		ایڈیٹر	55
خطہ مکران میں اردو شناسی		میر بلوچ خان	56
پاؤلو کویلہو کا ناول الکیمسٹ		شعیب شاداب	70
